مَا اَمَرْتُ	واحد متکلم....................................
مَا فَازُوْا	جمع مذکر غائب ماضی مطلق معروف منفی
مَاکَانَتْ سَاهَمَتْ	واحد مؤنث غائب فعل ماضی بعید منفی

ترکیب نحوی :

مذکورہ جملوں میں بعض کی ترکیب کیجاتی ہے اور بعض سے واضح ہو جانے کی وجہ سے صرف لکھی گئی ہے

انتن مبتداء مـا اغتشتن فعل ضمیر فاعل الـمـلهوفين مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبر یہ خبر ہوا مبتداء کا جملہ اسمیہ خبریہ۔

هو مبتداء ماعرف فعل ضمیر مستتر وفاعل قدر مضاف نفس مضاف الیہ مضاف ہ ضمیر مضاف ،مضاف مع مضاف الیہ مضاف الیہ ہوا مضاف کا ،مضاف مع مضاف الیہ مفعول بہ ہوا، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبر یہ خبر ہوا مبتداء کا، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فـرقة المدرسة مرکب اضافی مبتداء مـا کـانت ساهمت فعل ضمیر فاعل فی جار الالعاب موصوف الـريـاضية صفت، موصوف با صفت مجرور ہوا جار کے جار مع مجرور متعلق ہوا فعل کے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبر یہ خبر ہوا مبتداء کا، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

حل مشق ﴿۸﴾: اردو سے عربی

مَـا اسْتَيْـقَـظُوْا فِى الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ ، مَاحَفِظَ الْاَوْلَادُ دُرُوْسَهُمْ ، قَدْ مَاتَوَضَّئْتُمْ لِلصَّلٰوةِ ، قَـدْ مَـاتَـلَـتِ الْـقُـرْآنَ بَـعْـدَ الْـفَجْرِ ، قَدْ مَاسَمِعْتُ اَنْبَاءَ الْإِذَاعَةِ الْيَوْمَ ، مَاكُنْتُمْ قَرَاْتُمُ الْـجَرِيْدَةَ بِالْاَمْسِ ، مَاكَانَ رَسَبَ الْوَلَدَانِ فِى الْاِمْتِحَانِ ، مَاكَانَ قَتَلَ النَّاسُ السَّارِقَ ، مَا نَـصَـرَاللّٰـهُ الْـمُشْرِكِيْنَ ، مَـا قُتِلَ الْاَطْفَالُ فِى الْحَرْبِ ، مَامَنَعَ الطَّلَبَةُ عَنْ مُرَافَقَةِ الْاَشْـرَارِ ، مَـا اُغْـلِـقَـتْ اَبْـوَابُ الْـمَـسْـجِـدِ عَلٰى اَحَدٍ ، مَاكُنْتُ ذَهَبْتُ اِلَى الْبَيْتِ فِى اِجَازَاتِ الصَّيْفِ ، مَا كُنَّا بُعِثْنَا لِلْحَجِّ عَنْ جَانِبِ الْإِمَارَةِ /الْحُكُوْمَةِ /الدَّوْلَةِ .

الحذاء ﴿موچی﴾

الكلمات الجديدة

الاحذية ، القالب ، بضعة ، مسامير ، الابرة ، المخرز ، كعب ، شحذ ، سكين ،

صبغ ، علق ، الحائط .

ماضی مثبت کی جگہ ماضی منفی

اَلْحِذَّاءُ مَا صَنَعَ الْاَحْذِيَةَ مَا اَخَذَ الْقَالَبَ	جوتا بنانے والے نے جوتے نہیں بنائے اس نے سانچہ نہیں لیا
مَا رَكَبَ فَوْقَهُ الْجِلْدُ مَادَقَّ بِضْعَةَ مَسَامِيْرَ	سانچے پر چمڑا نہیں چڑھایا کچھ کیلیں نہیں ٹھونکیں
مَا اَخَذَ الْاِبْرَةَ وَالْخَيْطَ مَاثَقَبَ بِالْمِخْرَزِ مَادَقَّ بِالْمِطْرَقَةِ	سوئی اور دھاگہ نہیں لیا۔ ستالی سے سوراخ نہیں کیا۔ ہتھوڑی سے نہیں ٹھونکا۔
مَا ثَبَتَ كَعْبَ الْحِذَاءِ بِالْمَسَامِيْرِ مَا شَحَذَ سِكِّيْنَهُ	جوتے کی ایڑی کو کیلوں سے نہیں جمایا راپنی پر دھار نہیں رکھی
مَا قَصَّ الْاَطْرَافَ الزَّائِدَةَ	زائد حصوں کو نہیں کاٹا۔
مَاصَبَغَ الْحِذَّاءُ مَا عَلَّقَهُ عَلَى الْحَائِطِ	جوتے پر پالش نہیں کی اسے دیوار پر نہیں ٹانگا

الدرس العاشر

المعروف والمجهول فی المضارع

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾: مضارع مجہول کس سے بنتا ہے؟

جواب : مضارع مجہول مضارع معروف سے بنتا ہے۔

سوال ﴿۲﴾: مضارع مجہول بنانے کا طریقہ بتائیں؟

جواب : مضارع معروف کو مضارع مجہول میں تبدیل کرنے کے لئے اتنا کیجئے کہ علامت مضارع یعنی مضارع کے پہلے حرف کو ضمہ دے دیجئے اور درمیان کے حرف کو فتحہ دے دیجئے؟

سوال ﴿۳﴾: نائب فاعل کے کیا احکامات ہیں؟

جواب : وہ سب حقوق جو فاعل کو حاصل ہیں فاعل مذکر مؤنث، واحد، تثنیہ، جمع، نکرہ، معرفہ ہوسکتا ہے نائب فاعل بھی سب کچھ بن سکتا ہے۔

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾ چھ جملے، مضارع معروف کو مضارع مجہول سے تبدیل

يَبِيْعُ اَبِيْ الثَّوْبَ	يُبَاعُ الثَّوْبُ
میرا باپ کپڑا فروخت کرتا ہے	کپڑا فروخت کیا جاتا ہے
يَكْتُبُ جَارِيْ الرِّسَالَةَ	يُكْتَبُ الرِّسَالَةُ
میرا پڑوسی خط لکھتا ہے	خط لکھا جاتا ہے

يُعَلِّقُ الْحَذَّاءُ الْحِذَاءَ عَلَى الْحَائِطِ	يُعَلَّقُ الْحِذَاءُ عَلَى الْحَائِطِ
موچی جوتے دیوار پر ٹانگتا ہے	جوتے دیوار پر ٹانگے جاتے ہیں
يَعْرِفُ الْأُسْتَاذُ تِلْمِيْذَهُ	يُعْرَفُ تِلْمِيْذُهُ
استاد اپنا شاگرد پہچانتا ہے	اسکا شاگرد پہچانا جاتا ہے
يَدُقُّ الْخَادِمُ جَرَسَ الْكُلِّيَةِ	يُدَقُّ جَرَسُ الْكُلِّيَةِ
نوکر کالج کی گھنٹی بجاتا ہے	کالج کی گھنٹی بجائی جاتی ہے
يَدُكُّ الْغَنِيُّ الْجِدَارَ	يُدَكُّ الْجِدَارُ
مالدار آدمی دیوار گراتا ہے	دیوار گرائی جاتی ہے

حل مشق ﴿۲﴾: مشق (۱) کو الٹ کر مشق (۲) بن جائے گا جو کہ مکتوب ہے آپکے سامنے۔

حل مشق ﴿۳﴾: فعل مضارع مجہول کی گردان

يُجْمَعُ	وہ ایک مرد اکٹھا کیا جاتا ہے	يُجْمَعَانِ	وہ دو مرد اکٹھا کئے جاتے ہیں
يُجْمَعُوْنَ	وہ سب مرد اکٹھے کئے جاتے ہیں	تُجْمَعُ	وہ ایک عورت اکٹھی کی جاتی ہے
تُجْمَعَانِ	وہ دو عورتیں اکٹھی کی جاتی ہیں	يُجْمَعْنَ	وہ سب عورتیں اکٹھی کی جاتی ہیں
تُجْمَعُ	تو ایک مرد اکٹھا کیا جاتا ہے	تُجْمَعَانِ	تم دو مرد اکٹھے کئے جاتے ہو
تُجْمَعُوْنَ	تم سب مرد اکٹھے کئے جاتے ہو	تُجْمَعِيْنَ	تو ایک عورت اکٹھی کی جاتی ہے
تُجْمَعَانِ	تم دو عورتیں اکٹھی کی جاتی ہو	تجمعن	تم سب عورتیں اکٹھی کی جاتی ہو
اجمع	میں ایک مرد یا ایک عورت اکٹھا کیا جاتا ہوں		
نجمع	ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں اکٹھے کئے جاتے ہیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں اکٹھے کئے جاتے ہیں		

یُفْتَحُ	وہ ایک مرد کھولا جاتا ہے	یُفْتَحَانِ	وہ دو مرد کھولے جاتے ہیں
یُفْتَحُوْنَ	وہ سب مرد کھولے جاتے ہیں	تُفْتَحُ	وہ ایک عورت کھولی جاتی ہے
تُفْتَحَانِ	وہ دو عورتیں کھولی جاتی ہیں	یُفْتَحْنَ	وہ سب عورتیں کھولی جاتی ہیں
تُفْتَحُ	تو ایک مرد کھولا جاتا ہے	تُفْتَحَانِ	تم دو مرد کھولے جاتے ہو
تُفْتَحُوْنَ	تم سب مرد کھولے جاتے ہو	تُفْتَحِیْنَ	تو ایک عورت کھولی جاتی ہو
تُفْتَحَانِ	تم دو عورتیں کھولی جائی ہو	تُفْتَحْنَ	تم سب عورتیں کھولی جاتی ہوں
اُفْتَحُ	میں ایک مرد یا میں ایک عورت کھولا جاتا ہوں		
نُفْتَحُ	ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں یا ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں کھولے جاتے ہیں		

یُکْرَمُ	اس ایک مرد کا اکرام کیا جاتا ہے	یُکْرَمَانِ	ان دو مردوں کا اکرام کیا جاتا ہے
یُکْرَمُوْنَ	ان سب مردوں کا اکرام کیا جاتا ہے	تُکْرَمُ	اس ایک عورت کا اکرام کیا جاتا ہے
تُکْرَمَانِ	اس دو عورتوں کا اکرام کیا جاتا ہے	یُکْرَمْنَ	ان سب عورتوں کا اکرام کیا جاتا ہے
تُکْرَمُ	تو ایک مرد کا اکرام کیا جاتا ہے	تُکْرَمَانِ	تم دو مردوں کا اکرام کیا جاتا ہے
تُکْرَمُوْنَ	تم سب مردوں کا اکرام کیا جاتا ہے	تُکْرَمِیْنَ	تو ایک عورت کا اکرام کیا جاتا ہے
تُکْرَمَانِ	تم دو عورتوں کی اکرام کی جاتی ہے	تُکْرَمْنَ	تم سب عورتوں کا اکرام کیا جاتا ہے
اُکْرَمُ	مین ایک مرد یا میں ایک عورت کا اکرام کیا جاتا ہے		
نُکْرَمُ	ہم سب مرد یا ہم سب عورتون کا یا ہم دو مرد یا ہم دو عورتوں کا اکرام کیا جاتا ہے		

یُقْتَلُ	وہ ایک مرد قتل کیا جاتا ہے	یُقْتَلَانِ	وہ دو مرد قتل کئے جاتے ہیں
یُقْتَلُوْنَ	وہ سب مرد قتل کئے جاتے ہیں	تُقْتَلُ	وہ ایک عورت قتل کی جاتی ہے

تُقْتَلَانِ	وہ دو عورتیں قتل کی جاتی ہیں	یُقْتَلْنَ	وہ سب عورتیں قتل کی جاتی ہیں
تُقْتَلُ	تو ایک مرد قتل کیا جاتا ہے	تُقْتَلَانِ	تم دو مرد قتل کیے جاتے ہوں
تُقْتَلُوْنَ	تم سب مرد قتل کیے جاتے ہیں	تُقْتَلِیْنَ	تو ایک عورت قتل کی جاتی ہو
تُقْتَلَانِ	تم دو عورتیں قتل کی جاتی ہوں	تُقْتَلْنَ	تم سب عورتیں قتل کی جاتی ہوں
اُقْتَلُ	میں ایک مرد یا میں ایک عورت قتل کیا جاتا ہوں		
نُقْتَلُ	ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں یا ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں قتل کیے جاتے ہیں		

حل مشق ﴿۵﴾ صیغے اور معانی

تُقْطَعُ	واحد مؤنث غائب	وہ ایک عورت کاٹی جاتی ہے
یُقْتَلَانِ	تثنیہ مذکر غائب	وہ دو مرد قتل کیے جاتے ہیں
نُضْرَبُ	جمع متکلم	ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں یا ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں مارے جاتے ہیں
تُجْمَعُ	واحد مؤنث غائب	وہ ایک عورت اکٹھی کی جاتی ہے

حل مشق ﴿۵﴾ الف، ب کی مدد سے فعل مضارع مجہول اور نائب فاعل کے جملے

تُقْطَفُ الْاَزْهَارُ	پھول کاٹا جاتا ہے
یُذْبَحُ الْبَقَرُ	گائے ذبح کی جاتی ہے
تُفْتَحُ الدَّكَاكِيْنُ	دوکانیں کھولی جاتی ہیں
يُضْرَبُ الْوَلَدَانِ	دو لڑکے مارے جاتے ہیں
تُرْكَبُ الْعَرَبَةُ	رکشہ گاڑی سوار کیا جاتا ہے
يُبَاعُ الثَّمَرُ	پھل فروخت کیا جاتا ہے

يُصَادُ السَّمَكُ	مچھلی شکار کیا جاتا ہے
تُحْلَبُ الْبَقَرَاتُ	گائے دوہی جاتی ہیں

حل مشق ﴿۶﴾ فعل مضارع معروف کو فعل مضارع مجہول میں تبدیل

يُؤْكَلُ الطَّعَامُ	يُسْرَقُ الْمَتَاعُ	يُقْتَلُ الذِّئْبُ
يُقَادُ الْجُنْدُ	يُزْرَعُ الْقَمْحُ	يُحْصَدُ الْأَرُزُّ

حل مشق ﴿۷﴾ فعل مضارع مجہول کو فعل مضارع معروف میں تبدیل

تَذْبَحُ الْبَقَرَةَ	تَقْطِفُ الْأَزْهَارَ	يَرْعَى الْغَنَمَ
يَبِيْعُ الْكِتَابَ	يَلْبِسُ الثَّوْبَ	يَعْبُدُ الرَّبَّ

حل مشق ﴿۸﴾ عربی سے اردو

دوست کا امتحان لیا جاتا ہے، مصیبت کے وقت، مئی میں مدرسہ چھٹی کی جاتی ہے، چمڑے سے جوتے بنائے جاتے ہیں، خطوط ڈاک سے ارسال کئے جاتے ہیں، مسلمانوں کا اکرام کیا جاتا ہے، نو بجے بازار کھولا جاتا ہے، انسان اچھے اخلاق سے پہچانا جاتا ہے، پاکستان میں گنا کاشت کیا جاتا ہے، کھیتوں کو نہر کا پانی دیا جاتا ہے، گاؤں میں دینی جلسہ منعقد کیا جاتا ہے، طلباء کے درمیان قیمتی انعامات تقسیم کئے جاتے ہیں، عشاء کو دکان بند کی جاتی ہے، بازار میں چیزوں کی فروخت کی جاتی ہے، رات میں مشقیں لکھی جاتی ہیں، گھنٹہ صبح بجایا جاتا ہے، کمرہ جھاڑو سے صاف کیا جاتا ہے۔

شناخت صیغہ

يُخْتَبَرُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول
تُعَطَّلُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
تُصْنَعُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول

تُرْسَلُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
يُكْرَمُوْنَ	جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول
تُفْتَحُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
يُعْرَفُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول
يُزْرَعُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول
تُسْقٰى	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
تُعْقَدُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
تُوْزَعُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
يُغْلَقُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول
تُبَاعُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
تُكْتَبُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول
ـدقُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول
تُكْنَسُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول

ترکیب نحوی :

يُخْتَبَرُ فعل مجہول الصَّدِيْقُ نائب فاعل عِنْدَ مضاف الْمُصِيْبَةِ مضاف الیہ مرکب اضافی ظرف ہوا فعل کے، فعل مجہول مع نائب فاعل ومع ظرف کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

تعطّل فعل مجہول المدرسة نائب فاعل فی جار مایو مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل مع نائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

ـسلمون مبتداء يكرمون فعل مجہول ضمیر نائب فاعل، فعل مع نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا کے، مبتداء باخبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

تفتح فعل مجہول السوق نائب فاعل فی جار الساعة موصوف التاسعة صفت، موصوف مع صفت مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

یزرع فعل مجہول قصب مضاف السکر مضاف الیہ مرکب اضافی نائب فاعل فی الباکستان جار مجرور ظرف لغو امتعلق ہا فعل کے فعل مع نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

تعقد فعل مجہول الحفلة موصوف الدینیة صفت، موصوف مع صفت نائب فاعل ہوا فی القریة جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

یغلق فعل مجہول الدکان نائب فاعل عشاء مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ: بعض جملوں کی ترکیب اسلئے نہیں کی گئی ہے کہ واضح اور سہل ہیں۔

حل مشق ﴿۹﴾ اردو سے عربی

تُنَالُ الْعِزَّةُ بِالْجِهَادِ ، تُغْسَلُ الثِّيَابُ بِالْمَاءِ ، يُنْصَرُ الْمُسْلِمُوْنَ ، يُمْدَحُ الْاُسْتَاذُ الْمُجْتَهِدُ ، تُعْرَفُ الشَّجَرَةُ بِثَمَرِهَا ، يُعَاقَبُ الْمُجْرِمُوْنَ ، يُحْصَدُ الزَّرْعُ فِيْ فَصْلِ الرَّبِيْعِ ، أُمِرَتِ الْمُسْلِمَاتُ بِالْحِجَابِ ، تُرْسَلُ الْكُتُبُ بِالتَّحْوِيْلِ عَلَى الْمُشْتَرِىْ ، تُخْرَجُوْنَ مِنْ دِيَارِكُمْ ، يُخْلَطُ السُّكَّرُ فِى الشَّايِ ، يُصْنَعُ الشَّائُ بِاللَّبَنِ .

اَلْبَرِيْدُ ڈاک

﴿ج﴾ اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

غِلَافٌ ، عُنْوَانُ الْمُرْسَلِ ، يَلْصِقُ ، طَوَابِعُ الْبَرِيْد ، سَاعِى الْبَرِيْد ، مَكْتَبُ الْبَرِيْد ، تَفْرِزُ ، رِزَمًا ، مُوَظِّفٌ ، تَوْزِيْعُ الْبَرِيْد .

﴿د﴾ فعل مضارع کی جگہ فعل مجہول

يُكْتَبُ الرِّسَالَةُ ، ثُمَّ يُوْضَعُ الرِّسَالَةُ فِيْ غِلَافٍ ، يُكْتَبُ عَلٰى وَجْهِ الْغِلَافِ عنوانُ الْمُرْسَلِ اِلَيْهِ ثُمَّ يُغْلَقُ الْغِلَافُ وَيُلْصَقُ عَلَيْهِ طَوَابِعُ الْبَرِيْدِ وَتُوْضَعُ الرِّسَالَةُ فِيْ صَنْدُوْق

الْبَرِيْدِ ، يُؤْتَى سَاعِيُ الْبَرِيْدِ تَأْخُذُ الرَّسَائِلُ مِنَ الصُّنْدُوْقِ ، وَتُحْمِلُهَا إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ ، وَهُنَالِكَ تُفَرَّزُ الرَّسَائِلُ وَتُرَتَّبُ وَتُجْعَلُ رُزْمًا ثُمَّ تُوْضَعُ كُلُّ رُزْمَةٍ فِيْ كِيْسٍ خَاصٍ وَتُرْسَلُ إِلَى الْمَحَطَّةِ يُسَافِرُ بِهَا إِلَى الْمَكَانِ الْمَطْلُوْبِ ، يُوْقَفُ الْقِطَارُ ، يُؤْخَذُ مِنْهُ كِيْسُ بَلَدِهِ ، وَيُذْهَبُ بِهِ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ ، وَيُتَوَلّٰى تَوْزِيْعُ الْبَرِيْدِ .

نوٹ: مذکورہ جملوں کا ترجمہ واضح ہے معروف کے بجائے مجہول سے ترجمہ کریں۔

الدرس الحادی عشر

المنفی والمثبت فی المضارع

الاسئلة

سوال ﴿١﴾ کیا مضارع مثبت کی طرح منفی بھی آ سکتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال ﴿٢﴾ مضارع منفی بنانے کا طریقہ بتائیں؟

جواب : مضارع منفی مضارع مثبت سے بنتا ہے اس طرح کہ مضارع مثبت پر "لا" داخل کر دیجئے۔

سوال ﴿٣﴾ مضارع منفی کس سے بنتا ہے؟

جواب : مضارع منفی مضارع مثبت سے بنتا ھے ۔

التمرینات

حل مشق ﴿١﴾ افعال مضارع کو منفی کرنا اور جملوں میں استعمال

جَارِیْ لاَ یُسَافِرُ اِلٰی وَطَنِہٖ	میرا پڑوسی اپنے وطن کو سفر نہیں کرتا
لاَ یَقْرَأُ خَالِدٌ رِسَالَةَ ابْنِ عَمِّہٖ	خالد اپنے چچازاد بھائی کا خط نہیں پڑھتا ہے
لاَ یُوْقِدُ ابْنِیْ فِیْ فِنَاءِ الْبَیْتِ	میرا بیٹا گھر کے صحن میں آگ نہیں جلاتا ہے
اِنَّ اللّٰہَ لاَ یَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ	بے شک اللہ تعالیٰ بے حیائی کا حکم نہیں دیتا ہے
لاَ یَغْفِرُ اللّٰہُ الْمُشْرِکِیْنَ	اللہ تعالیٰ مشرکوں کو نہیں بخشتا ہے
لاَ یَسْمَعُ صَدِیْقِیْ صَوْتَ الْاِذَاعَةِ	میرا دوست ریڈیو کی آواز نہیں سنتا ہے

لَا يَفْهَمُ الْاِفْرَنْجِيُّ بِكَلَامِيْ	انگریز میری باتوں کو نہیں سمجھتا ہے
لَا يَشْكُرُ النَّاسُ بِنِعَمِ اللّٰهِ	لوگ اللہ تعالی کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے ہیں

حل مشق ﴿۲﴾ جملوں کو نفی میں تبدیل اور ترجمہ

اَلرَّجُلَانِ لَا يَتَحَادَثَانِ	دو آدمی گفتگو نہیں کرتے ہیں
لَا تَنْمُو الشَّجَرَتَانِ وَلَا تُوْرِقَانِ	دو درخت نہیں بڑھتے ہیں اور پتے دار نہیں ہوتے ہیں
لَا يَقْرَأُ الْغِلْمَانُ وَلَا يَكْتُبُوْنَ	نوجوان نہ پڑھتے ہیں اور نہ لکھتے ہیں
اَنْتِ لَا تَلْعَبِيْنَ طُوْلَ النَّهَارِ	تو دن بھر نہیں کھیلتی ہے
اَنْتَ لَا تَكْتُبُ التَّمْرِيْنَاتِ	تو مشقیں نہیں لکھتا ہے
هُمْ لَا يُصَلُّوْنَ الْفَجْرَ	وہ فجر کی نماز نہیں پڑھتے ہیں

حل مشق ﴿۳﴾ منفی سے مثبت اور ترجمہ

تَجْرِي السَّفِيْنَةُ عَلَى الْمَاءِ	کشتی پانی پر چلتی ہے
نُحِبُّ الْقَهْوَةَ	ہم قہوہ پسند کرتے ہیں
اَلْاَكْلُ الْكَثِيْرُ يُفْسِدُ الْمِعْدَةَ	زیادہ کھانا معدہ کو خراب کردیتا ہے
اَرْكَبُ الْقِطَارَ السَّرِيْعَ	میں تیز رفتار گاڑی میں سوار ہوتا ہوں
تَأْكُلُ الْحِمَارَةُ الْبِرْسِيْمَ	گدھی گھاس کھاتی ہے
تَشْكُوا الْمَرِيْضَةُ الْاَلَمَ	مریضہ درد کی شکایت کرتی ہے

حل مشق ﴿۴﴾ عربی سے اردو

یہاں سے ہم سورج نہیں دیکھتے ہیں، وہ زمین پر نہیں سوتی ہے، ہم اخبار کا مطالعہ نہیں کرتے ہیں، مچھلی

انڈے نہیں دیتی ہے، میرا دوست گاڑی نہیں چلاتا ہے، کبوتر پانی میں نہیں تیرتی ہے، کسان کھیتوں کو نہیں جوتتے ہیں، بنجر زمین نہیں جوتی جاتی ہے، وہ دیہاتوں میں زندگی بسر نہیں کرتے ہیں، ہم مضمون کا ترجمہ لغت اردو میں نہیں کرتے ہیں، میرا بھائی روس میں نہیں رہتا ہے، میں گھر جانے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں، ہم شراب نہیں پیتے ہیں اور نہ ہم سگریٹ پیتے ہیں، اونٹ سفر کے درمیان میں آرام نہیں کرتا ہے، میرا بھائی دائیں ہاتھ سے نہیں لکھتا ہے، تو اپنے وعدے کی پابندی نہیں کرتا ہے۔

شناخت صیغہ

لَا نَرِی	جمع متکلم (مذکر، مؤنث) فعل مضارع معلوم منفی
لَا تَنَامُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا نُطَالِعُ	جمع متکلم (مذکر، مؤنث) فعل مضارع معلوم منفی
لَا یَبِیْضُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا یَسُوْقُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا تَسْبَحُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا یَحْرُثُوْنَ	جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا تُحْرَثُ	واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول منفی
لَا یَعِیْشُوْنَ	جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی
لَا نُتَرْجِمُ	جمع متکلم (مذکر، مؤنث) فعل مضارع معلوم منفی
لَا یَسْکُنُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف منفی
لَا اَسْتَطِیْعُ	واحد متکلم (مذکر، مؤنث) فعل مضارع معلوم منفی
لَا نَشْرَبُ /لَا نُدَخِّنُ	جمع متکلم (مذکر، مؤنث) فعل مضارع معلوم منفی
لَا یَسْتَرِیْحُ	واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی

لا یُحِبُّ	واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم منفی
لا تُحافِظْ	واحد مذکر حاضر فعل مضارع معلوم منفی

ترکیب نحوی :

لا تری فعل ضمیر فاعل الشمس مفعول بہ من جار هنا مجرور ، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

ھی ضمیر مبتداء، لاتنام فعل ضمیر ھی فاعل علی جار الارض مجرور ، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتداء کے، جملہ اسمیہ خبریہ۔

لا نطالع فعل ضمیر فاعل الجریدة مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ۔

الحوت مبتداء، لا یبیض فعل فاعل، جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتداء کے، جملہ اسمیہ خبریہ

لا یسوق فعل صدیق مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مرکب اضافی فاعل السیارة مفعول بہ فعل مع فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

الحمامة مبتداء لا تسبح فعل ضمیر فاعل فی جار السماء مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتداء کے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

الفلاحون مبتدا لا یحرثون فعل ضمیر فاعل الحقول مفعول بہ، فعل مع فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتداء کے، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لا تحرث فعل مجہول الارض موصوف القاحلة صفت، موصوف با صفت نائب فاعل، فعل با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا یمشون فعل فاعل فی جار القری مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا نترجم فعل فاعل المقالة مفعول بہ الی جار اللغة موصوف الاردية صفت، موصوف با صفت مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل ومفعول بہ و متعلق کے

جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا یمکن فعل اخ مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مرکب اضافی فاعل ہوا فعل کے فی جار روسیا مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا استطیع فعل فاعل الذهاب مفعول بہ الی جار البیت مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و مفعول بہ و متعلق کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا نشرب فعل ضمیر فاعل الخمر مفعول بہ، فعل مع فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہا واو عاطفہ لا ندخن فعل ضمیر فاعل السیجارة مفعول بہ، فعل مع فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ، معطوف علیہا مع معطوفہ جملہ معطوفہ۔

لا یستریح فعل الجمل فاعل اثناء مضاف السفر مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل مع فاعل و مفعول فیہ کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا یکتب فعل اخی مرکب اضافی فاعل ہوا فعل کے ب جار ید مضاف ہ مضاف الیہ مرکب اضافی موصوف الیمنی صفت، موصوف مع صفت مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

لا تحافظ فعل ضمیر فاعل علی جار وعد مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل مع فاعل و متعلق کے جملہ فعلیہ خبریہ۔

حلِ مشق ﴿۵﴾ اردو سے عربی

لَا يُحِبُّ السَّبْحَ فِي النَّهْرِ ، تَغَيَّمَتِ السَّمَاءُ وَلَا تُمْطِرُ ، لَا يُؤْكَلُ اللَّحْمُ النِّيُّ ، لَا تُغْلَقُ الدَّكَاكِيْنُ غَدًا ، لَا يُبَاعُ الْأُرْزُ غَالًا /ثَمِينًا /ثَقِيْلًا ، اَلصُّوْفُ لَا يُزِيْلُ الْبُرُوْدَةَ ، لَا تُفْشِيْ سِرَّ صَدِيْقِيْ ، اَلْمُسْلِمُ لَا يَكْذِبُ ، اَلسَّمَكُ لَا يُصَادُ عَنِ الْبَرِّ ، لَا نُحِبُّ كَذَالِكَ الْأَمْرَ /الْمَقَالَ ، اَلْمُسْلِمُ لَا يُجَاهِدُ فِي سَبِيْلِ الْمَالِ ، اَلشَّمْسُ لَا تَطْلُعُ مَسَاءً .

(اَلْكِتَابُ) ﴿ج﴾ (اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ)

أَمْلَسُ ، مُلَوَّنَةٌ ، يُرَافِقُ ، يُسَلِّيْنِيْ ، طَرِيْفَةٌ .

(د) الگ الگ جملے

هَذَا الْكِتَابُ جَمِيْلٌ وَمُفِيْدٌ	أَقْرَأُ	لَا أَقْرَأُ
وَرَقُهُ جَيِّدٌ	يُرَافِقُنِيْ	لَا يُرَافِقُنِيْ
جِلْدُهُ أَمْلَسُ	يُسَلِّيْنِيْ	لَا يُسَلِّيْنِيْ
عَلَى الْغِلَافِ صُوَرٌ مُلَوَّنَةٌ	يَنْفَعُنِيْ	لَا يَنْفَعُنِيْ
هُوَ يُسَلِّيْنِيْ وَيَنْفَعُنِيْ	يُعَلِّمُنِيْ	لَا يُعَلِّمُنِيْ
وَيُرْشِدُنِيْ	يُرْشِدُنِيْ	لَا يُرْشِدُنِيْ
فِيْ كِتَابِيْ صُوَرٌ جَمِيْلَةٌ	أُحِبُّ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ	لَا أُحِبُّ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ
كِتَابِيْ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ		
أَنَا أُحِبُّ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ		

الدرس الثانی عشر

الماضی الاستمراری المنفی والمثبت المعروف والمجهول

الامثلة

ترکیب نحوی :

کان لا یحفظ فعل ماضی استمراری خالد فاعل الدرس مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ

کنت لا اسمع فعل ضمیر فاعل الاغانی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنت تلعب فعل ضمیر فاعل الی جار السوق مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کان یقتل فعل ماضی مجہول استمراری الاولاد نائب فاعل فی جار الحرب مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ کیا ماضی استمراری منفی اور مجہول ہوتی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال ﴿۲﴾ ماضی استمراری مجہول بنانے کا قاعدہ بتائیں؟

جواب : ماضی استمراری مجہول بنانے کے لئے صرف اتنا کیجئے کہ مضارع مجہول پر کان لگا دیجئے۔

سوال ﴿۳﴾ ماضی استمراری منفی بنانے کا قاعدہ بتائیں؟

جواب : ماضی استمراری منفی بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مثبت ماضی استمراری پر دو میں سے ایک عمل کیجیے یا تو کان کے شروع میں ما بڑھا دیجیے یا کان کے بعد فعل سے پہلے "لا" بڑھا دیجیے۔

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾ چھ جملے، ماضی استمراری معروف، مثبت کے مختلف صیغے

كَانَ يَضْرِبُ زَيْدٌ اِبْنَهٗ	زید اپنا بیٹا مارتا تھا
كُنْتَ تَدْخُلُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ مَسَآءً	تو شام کو مدرسہ میں داخل ہوتا تھا
كَانَ يُهْزِمُهٗ سِيَاسِيًّا	وہ اُس کو سیاسی شکست دیتا تھا
كَانَتْ تُوْضَعُ الْمَائِدَةُ عَلَى الْفَرْشِ	فرش پر دستر خوان رکھا جاتا تھا
كَانَتْ تَزُوْلُ حُكُوْمَةٌ فَرْدِيَّةٌ	شخصی حکومت زائل ہوتی تھی
كَانَ يَغْضِبُ جَمَّالٌ فِي الطَّرِيْقِ	راستے میں شتربان غصہ ہوتا تھا

حل مشق ﴿۲﴾ چھ جملے، ماضی استمراری معروف منفی کے مختلف صیغے

كَانَتْ لَا تَنْتَهِيْ حَمْلَةُ التَّشْجِيْرِ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ	شجرکاری مہم اس مہینے میں ختم نہیں ہوتی تھی
كَانَ لَا يُبَيِّنُ زَيْدٌ شَجَرَةَ النَّسَبِ	زید شجرہ نسب بیان نہیں کرتا تھا
كَانَ لَا يَسْكُنُ شَرِيْرٌ فِي الْقَرْيَةِ	گاؤں میں کوئی شریر نہیں رہتا تھا
كَانَتْ لَا تَذْبَحُ زَيْنَبُ بَلْ تَأْمُرُ اَحَدًا	زینب ذبح نہیں کرتی تھی بلکہ کسی کو حکم دیتی تھی
كُنْتُ لَا اُحِبُّ اِنْشَاءَ الصَّحَافَةِ	میں صحافت کو پسند نہیں کرتا تھا
كَانَ لَا يَزْهِيْ اَبِيْ بِقُوَّةٍ	میرا باپ طاقت پر ناز نہیں کرتا تھا

حل مشق ﴿۳﴾ چھ جملے، ماضی استمراری مجہول مثبت کے مختلف صیغے

كَانَ تُهَيَّجُ شَهْوَتُهُ	اس کی خواہش پیدا کی جاتی تھی
كَانَ يُحَسَّنُ صَوْتُهُ	اسکی آواز خوبصورت بنائی جاتی تھی
كَانَتْ تُمْنَعُ سِيَاسَةٌ دَاخِلِيَّةٌ فِي الْمُلْكِ	ملک میں داخلی پالیسی منع کی جاتی تھی
كَانَتْ تُحْضَرُ قَابِلَةٌ إِلَى النِّسَاءِ	عورتوں کیلئے کوئی دائی حاضر کی جاتی تھی
كَانَتْ تُعْقَدُ حَفْلُ إِنَاطَةِ الْعَمَائِمِ	دستار بندی جلسہ منعقد کیا جاتا تھا
كَانَ يُبْنَى مَخْزَنُ الْأَدْوِيَةِ فِي مُنَوَّرَةَ	منورہ میں دواخانہ بنایا جاتا تھا

حل مشق ﴿۴﴾ چھ جملے، ماضی استمراری مجہول منفی کے مختلف صیغے

كُنْتُمْ لَا تُذْبَحُوْنَ فِي الْحَرْبِ الشَّدِيْدِ	آپ سخت جنگ میں ذبح نہیں کیے جاتے تھے
كَانَ لَا يُبَاعُ مَخْزَنُ تَبْرِيْدٍ فِي الْمَدِيْنَةِ	شہر میں کولڈ اسٹور فروخت نہیں کیا جاتا تھا
كَانَ لَا تُشْتَرَى بَرَّادَةٌ كَثِيْرًا جِدًّا فِي فَصْلِ الشِّتَاءِ	موسم سرما میں بہت زیادہ کولر نہیں خریدے جاتے تھے
كَانَ لَا يُنْتَخَبُ عُضْوٌ فِيْ مَجْلِسِ الشُّوْرٰى	کونسلر کا انتخاب مجلس شوریٰ میں نہیں کیا جاتا تھا
كَانَ لَا يُحْضَرُ أَمِيْنُ الصُّنْدُوْقِ إِلَى الْمَكْتَبِ	دفتر کو کیشیر حاضر نہیں کیا جاتا تھا
كُنْتَ لَا تُنْصَرُ فِي الْأُمُوْرِ الشَّاقَّةِ	تمہاری مدد مشکل کاموں میں نہیں کی جاتی تھی

حل مشق ﴿۵﴾ صیغے اور معنی

مَا كُنَّ يَدْخُلْنَ	جمع مؤنث غائب	وہ سب عورتیں نہیں جاتی تھیں
كُنْتُ لَا أَسْمَعُ	واحد متکلم (مذکر مؤنث)	میں ایک عورت یا میں ایک مرد نہیں سنتا تھا
مَا كُنْتُمَا تَحْفَظَانِ	تثنیہ مذکر حاضر	تم دو مرد یاد نہیں کرتے تھے
كُنَّ لَا يُضْرَبْنَ	جمع مؤنث غائب	وہ سب عورتیں نہیں ماری جاتی تھیں
كُنَّا نُقْتَلُ	جمع متکلم (مذکر مؤنث)	ہم سب عورتیں یا ہم سب مرد قتل کیے جاتے تھے
كَانَ لَا يَخْرُجُ	واحد مذکر غائب	وہ نہیں نکلتا تھا

حل مشق ﴿۶﴾ مضارع کی جگہ ماضی استمراری اور ترجمہ

اَلْاُسْتَاذُ كَانَ يَكْتُبُ عَلَى السَّبُّوْرَةِ	استاد بورڈ پر لکھتا تھا
هُوَ كَانَ يَمْحُوا الْكِتَابَةَ	وہ لکھائی مٹاتا تھا
كَانَ يَقْرَأُ التِّلْمِيْذُ الدُّرُوْسَ	شاگرد اسباق پڑھتے تھے
كَانَ يُصَلِّي الْمُسْلِمُوْنَ الْجُمُعَةَ	مسلمان جمعہ پڑھتے تھے
خَالِدٌ كَانَ لَا يُحْسِنُ الْخِطَابَةَ	خالد تقریر اچھی نہیں کرتا تھا
اَخِيْ كَانَ يُجِيْدُ الْكِتَابَةَ	میرا بھائی بہترین لکھائی کرتا تھا
كُنْتُ لَا اَطْبَخُ الطَّعَامَ	میں کھانا نہیں پکاتا تھا
كُنْتُ لَا اُدَخِّنُ السِّيْجَارَةَ	میں سگریٹ نہیں پیتا تھا

ترکیب نحوی :

الاستاذ مبتدا کان یکتب فعل ضمیر فاعل علی جار السبورة مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل مع متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتداء کے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ھو مبتدا کان یمحوا فعل ضمیر فاعل الکتابة مفعول بہ فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتدا کے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

کان یقرأ فعل التلمیذ فاعل الدروس مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ۔

کان یصلی فعل المسلمون فاعل الجمعة مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ۔

خالد مبتدا کان لا یحسن فعل الخطابة مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتدا کے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اخی مضاف مضاف الیہ مبتدا کان یجید فعل ضمیر فاعل الکتابة مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا مبتدا کے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ۔

کنت لا اطبخ فعل ضمیر فاعل الطعام مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنت لا ادخن فعل فاعل السجارة مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ۔

حل مشق ﴿۷﴾ عربی سے اردو

میں باغ میں تفریح کرتا تھا، میرا بھائی اس گھر میں رہتا تھا، اسلامی دور میں ہاتھ کاٹا جاتا تھا، ہم تمہارے ساتھ باتیں کرتے تھے، تم اپنے اسباق کو یاد نہیں کرتی تھیں، وہ میرے ساتھ لغت اردو میں باتیں کرتا تھا، ہم استاد کے ساتھ باتیں کرتے تھے، تم خوراک تیار کرتے تھے، تو اپنے والدین کا حکم نہیں بجالاتے تھے، میں نہر میں نہیں تیرتا تھا، دکان صبح کھولی جاتی تھی، میری خادمہ کوئی چیز نہیں چراتی تھی، ہم سیاسی جلسوں میں حاضر نہیں ہوتے تھے۔

شناخت صیغے

کنت اتنزہ	واحد متکلم فعل ماضی استمراری معروف
کان یسکن	واحد مذکر غائب......
کانت تقطع	واحد مؤنث.........مجہول
کنا نتکلم	جمع متکلم..........معروف
ما کنتن تحفظن	جمع مؤنث حاضر..........منفی معروف
کان یتکلم	واحد مذکر غائب ماضی استمراری معروف
کنا نتحدث	جمع متکلم....................
جئتن تجہزون	جمع مذکر حاضر.....................
ماکنت تمتثل	واحد مذکر حاضر............................
کنت لا اسبح	واحد متکلم.......................
کان یفتح	واحد مذکر غائب..............مجہول
کانت لا تسرق	واحد مؤنث غائب...............منفی معروف

ترکیب نحوی:

کنت اتنزہ واحد متکلم فی جار البستان مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کان یسکن فعل اخی مرکب اضافی فاعل فی جار ھذہ اسم اشارہ الدار مشارالیہ، اسم اشارہ مع مشارالیہ مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کانت تقطع فعل مجہول الید نائب فاعل فی جار العہد موصوف الاسلامی صفت، مرکب

توصیفی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنا نتکلم فعل ضمیر فاعل دروس مضاف کن ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ ہوا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

کان یتکلم فعل ضمیر فاعل مع مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول معہ ب جار اللغۃ موصوف الاردیۃ صفت مرکب توصیفی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و مفعول معہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنا نتحدث فعل ضمیر فاعل مع مضاف الاستاذ مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول معہ، فعل با فاعل و مفعول معہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنتم تجھزون فعل ضمیر فاعل الطعام مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ۔

ما کنت تمتثل فعل ضمیر فاعل ل جار امر مضاف والد مضاف الیہ مضاف ک ضمیر مضاف الیہ، مضاف الیہ مع مضاف مضاف الیہ ہوا مضاف کے لئے مرکب اضافی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنت لا اسبح فعل ضمیر فاعل فی النھر جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل مع متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کان یفتح فعل مجہول الدکان نائب فاعل فی جار الصباح مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با نائب فاعل مع متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

کانت لا تسرق فعل خادمۃ مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مرکب اضافی فاعل برائے فعل شیأ مفعول بہ، فعل با فاعل مع مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

کنا لا نحضر فعل ضمیر فاعل فی جار الحفلات موصوف السیاسیۃ صفت، موصوف با صفت مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل مع متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

حل مشق ﴿۸﴾ اردو سے عربی

كَانَ لَا يَلْعَبُ مَحْمُودٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ، كُنْتُمْ لَا تَلْعَبُوْنَ فِي الْمُبَارَاةِ ، كُنَّا لَا نَسْبَحُ جَيِّداً ، كُنْتُ إِسْتَيْقَظْتُ صَبَاحاً مُبَكِّراً ، كَانَ يَتْلُوا وَالِدِيْ الْقُرْآنَ كُلَّ يَوْمٍ ، كَانَ يَقْرَأُ هٰذَا الشَّخْصُ مَعِيْ ، كَانَتْ تَضْرِبُنِيْ أُمِّيْ ، كَانَتْ تَلْعَبُ النِّسَاءُ إِلَى الْمَسْجِدِ ، كُنْتُمْ لَا تَجْتَنِبُوْنَ عَنِ الذُّنُوْبِ ، كَانَ لَا يَقْبَلُ أُسْتَاذِيْ الْهَدِيَّةَ ، كُنْتُ لَا أَرْكَبُ عَلَى السَّيَّارَةِ ، كُنْتُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ عَلَى أَحَدٍ

الصياد

﴿ج﴾ الكلمات الجديدة

الدموع ، تسيل ، تبكی

﴿د﴾ الگ الگ جملے

مضارع	نہی	امر	ماضی استمراری
يَصْطَادُ	لَا تَنْظُرْ	أُنْظُرْ	كَانَ يَذْبَحُ
تَسِيْلُ	لَا تَرْحَمْ		
يَبْكِيْ			
يَرْحَمُ			

الدرس الثالث عشر

فعل الامر

الامثلة

ترکیب نحوی:

العب فعل امر انت ضمیر فاعل ب جار الکرۃ مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل امر مع فاعل و متعلق کے جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ۔

نم فعل امر ضمیر انت ذوالحال مبکرا حال، ذوالحال مع حال فاعل ہوا فعل امر کے، فعل امر مع فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ۔

اطعموا فعل امر ضمیر فاعل الضیوف مفعول بہ، فعل امر مع فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ۔

تمهلا فعل امر ضمیر انتما فاعل فی جار السیر مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل امر مع فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ۔

اجدن فعل امر ضمیر فاعل طبخ مضاف الطعام مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل امر مع فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ۔

لیذهب فعل امر غائب حامد فاعل، فعل امر غائب مع فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ۔

لا جلس فعل امر ضمیر فاعل علی جار الکرسی مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل امر کے فعل امر مع فاعل و متعلق کے جملہ فعلیہ انشائیہ۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ امر کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ فعل جس سے کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے فعل امر کہلاتا ہے۔

سوال ﴿۲﴾ امر کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : امر کی تین قسمیں ہیں (۱) امر حاضر (۲) امر غائب (۳) امر متکلم

سوال ﴿۳﴾ امر حاضر کس سے بنتا ہے؟

جواب : امر حاضر مضارع حاضر سے بنتا ہے۔

سوال ﴿۴﴾ مضارع حاضر سے امر حاضر بنانے کیلئے کیا کرنا پڑتا ہے پوری تفصیل سبق میں بیان کردہ مثالوں کے ذریعہ بیان کیجئے؟

جواب : امر حاضر بنانے سے پہلے آپ حسب ذیل عمل کریں۔

سب سے پہلے علامت مضارع ''ت'' حذف کردیں اب یہ دیکھیں کہ ''ت'' الگ کردینے کے بعد جو حرف پہلے ہے وہ متحرک ہے یا ساکن اگر ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ بڑھا دیں لیکن ہمزہ بڑھانے سے پہلے یہ ضرور دیکھ لیں کہ مضارع کے دوسرے حرف (عین کلمہ) پر کیا ہے اگر دوسرے حرف پر ضمہ ہے تو شروع میں آنے والے ہمزہ پر ضمہ ہوگا حسب ذیل مضارع کے صیغوں پر بیان کردہ قاعدے کے مطابق عمل کیجئے۔

جیسے تنصر، تکتب نتیجہ ہوگا انصر، اکتب۔ اگر مضارع کے دوسرے حرف پر فتحہ یا کسرہ ہے تو شروع میں آنے والے ہمزہ پر زیر ہوگا جیسے تذھب، تضرب نتیجہ ہوگا اذھب، اضرب۔

امر کا آخری حرف ساکن ہوگا لیکن مضارع کے آخر میں ''ی'' یا ''و'' میں سے کوئی حرف ہو تو اسے حذف کردیں جو حرف آخر میں باقی بچے اسے ساکن کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسے تدعوا سے ادع اور تخشی سے اخش۔ تثنیہ مذکر حاضر (تضربان) تثنیہ مؤنث حاضر (تضربان) جمع مذکر حاضر (تضربون) اور مؤنث حاضر (تضربین) کے آخر سے نون گرادیجئے۔

تمام صیغے اس طرح ہوں گے۔ اضرب، اضربا، اضربوا، اضربی، اضربا، اضربن۔

یہ قاعدہ اس مضارع کو امر بنانے کا ہے جس سے مضارع کی علامت ''ت'' حذف کرنے کی بعد حرف ساکن نہ ہو بلکہ اس پر کوئی حرکت (زبر، زیر وغیرہ) ہو تو شروع میں ہمزہ بڑھانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اسکے آخری حرف کو ساکن کردیجئے جیسے تدع سے دع، تعلم سے علم، تتعلم سے تعلم۔

یفعل کے وزن پر جو مضارع آتا ہے اسکے شروع میں (ت) گرانے کے بعد ہمزہ لگا دیجئے ہمزہ پر زبر ہوگا اور آخری حرف ساکن ہوگا جیسے تحسن سے احسن ،تکرم سے اکرم ۔امر حاضر کے کل چھ صیغے ہوتے ہیں گردان حسب ذیل ہے ۔اذھب ،اذھبا ،اذھبوا ،اذھبی ،اذھبا ،اذھبن

سوال ﴿۵﴾ امر غائب اور امر متکلم بنانے کا قاعدہ تحریر کیجئے؟

جواب: امر غائب اور امر متکلم بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کے شروع سے علامات مضارع (ا، ی، ت، ن) حذف نہ کریں بلکہ اسکے شروع میں لام امر مکسورہ (زیر والا لام) بڑھا دیں اور آخری حرف کو ساکن کر دیں، تثنیہ مذکر غائب یفعلان، تثنیہ مؤنث غائب تفعلان، اور جمع مذکر غائب یفعلون کے آخر سے نون گرا دیجئے اگر مضارع کے آخر میں "ی" اور "واؤ" میں سے کوئی حرف ہو تو اسے حذف کر دیجئے۔ امر غائب اور امر متکلم کی گردان حسب ذیل ہے۔

لِیَذْهَبْ (واحد مذکر) لِیَذْهَبَا (تثنیہ مذکر) لِیَذْهَبُوْا (جمع مذکر) لِتَذْهَبْ (واحد مؤنث) لِتَذْهَبَا (تثنیہ مؤنث) لِیَذْهَبْنَ (جمع مؤنث)۔

سوال ﴿۶﴾ اگر کسی مضارع کا آخری حرف ی یا واؤ ہوں تو امر میں اسے حذف کیا جائے گا یا باقی رکھا جائے گا؟

جواب: اگر مضارع کے آخر میں "ی" یا "واؤ" میں سے کوئی حرف ہو تو اسے حذف کر دیں جو حرف آخر میں باقی بچے اس ساکن کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسے تدع سے ادع اور تخشی سے اخش۔

التمرينات

حل مشق ﴿۱﴾ چھ جملے، امر حاضر معروف کے مختلف صیغے

تَقَبَّلْ دُعَاءَنَا	ہماری دعا کو قبول فرما
اِحْتَرِمْ اُسْتَاذَکَ	اپنے استاد کا احترام کر
اُقْتُلُوْا بَاسِلَ الْعَدُوِّ	دشمن کا دلیر ساتھی قتل کرو

اَلْزِمُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ تَصْفِيَةَ النُّفُوْسِ	اپنے آپ پر دلوں کی صفائی لازم کرو
اُنْظُرُوْا فِى الْمِنْظَارِ	دیکھو دوربین میں
اِجْتَنِبْ عَنْ اِسْتِنَارَةِ الْفِكْرِ	روشن خیالی سے اجتناب کر

حل مشق ﴿۲﴾ چھ جملے، امر غائب کے مختلف صیغے

لِيَاْكُلْ حَمِيْدٌ	چاہیے کہ حمید کھائے
لِيَكْتُبُوْا عَلَى الْكُرَّاسَاتِ	چاہیے کہ وہ کاپیوں میں لکھے
لِيَسْتَعْمِلْ زَيْدٌ دُهْنًا	چاہیے کہ زید روغن استعمال کریں
لِاَجْلِسْ عَلَى السَّرِيْرِ	چاہیے کہ میں چارپائی پر بیٹھوں
لِيَدْخُلْ بَكْرٌ اِلَى الْفَصْلِ .	چاہیے کہ بکر کلاس میں داخل ہو جائے
لِيَجْتَنِبِ الْاِنْسَانُ عَنِ الْاِسْتِجَارَةِ	چاہیے کہ انسان سگریٹ سے اجتناب کریں

حل مشق ﴿۳﴾ چھ جملے امر متکلم کے مختلف صیغے

لِاَلْعَبْ	چاہیے کہ میں کھیلوں
لِاَشْرَبِ الْمَآءَ الْبَارِدَ	چاہیے کہ میں ٹھنڈا پانی پیوں
لِاَضْرِبِ الْوَلَدَ الشَّرِيْرَ	چاہیے کہ میں شریر لڑکا ماروں
لِاَسْعَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ	چاہیے کہ جمعہ کے روز سعی کروں
لِاُطْعِمِ الضَّيْفَ	چاہیے کہ مہمان کو کھانا کھلاؤں
لِاَقْرَاِ الْقُرْآنَ	چاہیے کہ میں قرآن پڑھوں

حل مشق ﴿۴﴾ فعل مضارع کو فعل امر سے تبدیل و ترجمہ

اِحْتَرِمِ الْمُعَلِّمَ	استاد کا احترام کرو
اِحْفَظِ الدَّرْسَ	سبق یاد کرو
اِقْرَأْ الْكِتَابَ	کتاب پڑھ
اِشْتَغِلُوْا بِالْكِتَابَةِ	لکھائی میں مشغول رہو
لِيَنْطِقْ بِالصِّدْقِ	چاہیے کہ وہ سچ بولے
اُكْنُسِيْ الْبَيْتَ	گھر کو جھاڑ و دو

حل مشق ﴿۵﴾ افعال امر کو جملوں میں استعمال

اَخْرِجْ يَدَكَ عَنْ جَيْبِكَ	اپنا ہاتھ اپنی جیب سے نکال دو
اِلْبَسُوْا ثِيَابَكُمُ الْجَدِيْدَةَ	اپنے نئے کپڑے پہنو
اِسْتَخْرِجَنَّ الْكَاسِيْتَ الْجَدِيْدَ	نیا کیسٹ نکال دو
اِغْسِلَا صُدْرَتَكُمَا	اپنے واسکٹ کو دھولو
اَكْرِمُوْا مُعَلِّمَكُمْ	اپنے استاد کا اکرام کرو
نَظِّفِ الْغُرْفَةَ	کمرہ صاف کر

حل مشق ﴿۶﴾ صیغے اور معنی

اِجْلِسَا	تثنیہ مذکر غائب	تم دو مرد بیٹھو
اُكْتُبِيْ	واحد مؤنث حاضر	تو ایک عورت لکھ
اِجْلِسْ	واحد مذکر حاضر	تو ایک مرد بیٹھ
اِعْلَمْنَ	جمع مؤنث حاضر	تم سب عورتیں جان لو

اُسْکُتِیْ	واحد مؤنث حاضر	تو ایک عورت خاموش ہو جا
لِیَعْلَمْ	واحد مذکر غائب	چاہیے کہ وہ جانے
لِاَفْعَلْ	واحد متکلم	چاہیے کہ میں کروں
لِنَذْهَبْ	جمع متکلم	چاہیے کہ ہم جائیں

حل مشق ﴿۷﴾ عربی سے اردو

صبح سویرے جاگو اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرو، اپنے والدین کا حکم مان اور انکا اکرام کر، خاموش ہو جا اور سن میری بات، چاہئے کہ خادمہ گھر میں جھاڑو دیں، طعام پکاؤ، جوتے نکال، سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، چاہئے کہ حامد مضمون لکھے، آرام سے روڈ پار کر، دیوار پر کپڑا لٹکا کر، چراغ جلاؤ، اس جگہ میں کھڑا ہو جا، چاہئے کہ ہم سلامتی اور امن کیساتھ زندگی بسر کریں، ہم کو سیدھی راستہ بتلائیں، اپنے ہاتھوں کو خوراک سے پہلے اور خوراک کے بعد دھولو۔

حل مشق ﴿۸﴾ اردو سے عربی

اُعْبُدْ رَبَّکَ ، اِذْبَحُوْا شَاةً ، اِشْرَبُوْا الْمَاءَ الْبَارِدَ ، لِيَجْلِسْ حَامِدٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ ، اِذْهَبْ مِنْ هُنَا ، اِسْمَعُوْا كَلَامِيْ ، اِسْبَحُوْا فِيْ نَهْرِ الْحَدِيْقَةِ ، لِيَقْرَأْنَ الْجَرِيْدَةَ ، لِنَدْخُلْ فِي الْمَسْجِدِ ، اِلْعَبُوْا بِكُرَةِ الْقَدَمِ ، مُرُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالصَّلٰوةِ ، اِذْهَبَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ ، كُلِيْ وَاشْرَبِيْ ، اِكْتَرِيْ مَطِيَّةً / مَرْكَبًا ، عَظِّمُوْا ضُيُوْفَكُمْ ، اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ ، اُنْصُرَا الْبَائِسِيْنَ .

الكلمات الجديدة :

اقبل ، تناولت ، الاسرة ، تحوك ، فرضه ، الراديو ، لعبة ، قصي ، حكاية ، قبلا

﴿د﴾ افعال مضارع سے امر حاضر کے جملے

دَخِّنِ النَّارَجِيْلَةَ	حقہ پی	اِقْرَأْ الجَرِيْدَةَ	اخبار پڑھ
حُوْكِيْ ثَوْبًا	کوئی کپڑا بن کر	اِسْتَمِعْ	سن
اُكْتُبْ	لکھو	اِلْعَبْ	کھیلو

الدرس الرابع عشر

فعل النهى

الامثلة

ترکیب کیجئے :

لا تذهبین فعل نہی ضمیر فاعل الی جار السوق مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل نہی کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

لا تظلموا فعل نہی ضمیر فاعل انفس مضاف کم مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

لا تمدی فعل نہی ضمیر فاعل ید مضاف السوال مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

لا تنصر فعل نہی ضمیر فاعل الظالم مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

لا یقرأن فعل نہی ضمیر فاعل الکتب موصوف الماجنة صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل نہی با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

لا یضیع فعل نہی حامد فاعل وقت مضاف ہ مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ فعل نہی کسے کہتے ہیں؟

جواب : فعل کی ایک قسم نہی بھی ہے مگر یہ حقیقت میں امر ہی کی دوسری شکل ہے۔

سوال ﴿۲﴾ فعل امر اور فعل نہی میں کیا فرق ہے؟

جواب : فرق صرف یہ ہے کہ امر میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور نہی میں کسی کام کے نہ کرنے کا۔

سوال ﴿۳﴾ فعل نہی بنانے کیلئے مضارع میں کیا عمل کرنا ہوگا؟

جواب: فعل نہی بنانے کے لئے صرف اتنا کریں کہ فعل مضارع کے شروع میں "لاٗ" لگادیں اور نیچے دی ہوئی باتوں کا خیال رکھیں۔

﴿۱﴾ واحد مذکر غائب ، واحد مؤنث غائب ، واحد مذکر حاضر ، واحد متکلم ، جمع متکلم کے صیغوں میں آخری حرف کو جزم دیں۔

﴿۲﴾ تثنیہ مذکر غائب ، تثنیہ مؤنث غائب ، جمع مذکر غائب ، تثنیہ مذکر حاضر ، تثنیہ مؤنث حاضر ، جمع مذکر حاضر ، اور واحد مؤنث حاضر کے آخر سے نون علیحدہ کردیں۔

﴿۳﴾ جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے آخر میں بھی نون ہے لیکن باقی رہے گا اور اسمیں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

سوال ﴿۴﴾ اگر مضارع کا آخری حرف واو یا ی میں سے کوئی حرف ہوں تو نہی میں وہ حرف باقی رہے گا یا حذف کردیا جائے گا؟

جواب : اگر مضارع کے آخر میں "واؤ" یا "یاء" ہو تو اسے گرادیں جیسے یدعو سے لاتدع اور تخشی سے لاتخش۔

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾ امر کی جگہ نہی

لَا تَغْسِلِ الْمَلَابِسَ	کپڑے مت دھو
لَا تُطْعِمَا الْفُقَرَآءَ	غریبوں کو کھانا مت کھلاؤ
لَا تَقْطِفُوْا الْاَزْهَارَ	پھولوں کو مت توڑو
لَا تُبَالِغْ فِيْ اِكْرَامِ الصَّدِيْقِ	دوست کے اکرام میں مبالغہ مت کر

لَا تَشْکُرْ ضَیْفَکَ	اپنے مہمان کا شکر مت ادا کر
لَا تَفْتَحِیْ نَوَافِذَ الْحُجْرَۃِ	کمرے کی کھڑکیاں مت کھول

حل مشق ﴿۲﴾ نہی کی جگہ امر

اِقْرَأْ الْکِتَابَ	کتاب پڑھ
اُکْتُبْ الْمَقَالَۃَ	مضمون لکھ
اِسْمَعَنْ کَلَامَہٗ	اس کی بات سنو
اِذْھَبُوْا اِلَی السُّوْقِ	بازار جاؤ
اُخْطُبَا بِاللُّغَۃِ الْعَرَبِیَّۃِ	لغت عربی میں تقریر کرو
اَجِیْدَا طَبْخَ الطَّعَامِ	تم دو عورتیں کھانا اچھی طرح پکاؤ

حل مشق ﴿۳﴾ صیغہ اور معنی

لَا تَضْرِبُوْا	جمع مذکر حاضر	تم سب مرد مت مارو
لَا یَظْلِمْنَ	جمع مؤنث غائب	وہ سب عورتیں ظلم نہ کریں
لَا نَظْلِمْ	جمع متکلم	ہم سب مرد یا عورتیں ظلم نہ کریں
لَا یَکْتُبْ	واحد مذکر غائب	وہ ایک مرد نہ لکھے

حل مشق ﴿۴﴾ عربی سے اردو

کتاب مت پھاڑ، لڑکا آگ سے نہ کھیلے، اپنے جوتے چٹائی پر مت نکالو، کمرے کی کھڑکی مت کھول، دکان سے کوئی چیز مت چرا، تم ہر وقت مت ہنسو، تاریکیوں سے مت ڈرو، اللہ تعالیٰ کیساتھ شریک مت بناؤ، ایک قوم دوسرے قوم کا ٹھٹہ نہ کریں، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت مت کر، اللہ تعالیٰ

کے سوا کسی سے مت ڈرو، کالج کو جانے میں تاخیر مت کرو، اپنی واجبات میں لاپروائی مت کر، آگ کے قریب مت ہو، اس جگہ میں کھڑا ہو جا، وہ بے حیائی کے قریب نہ جائیں، وہ دوپہر میں نہ نکلیں۔

شناخت صیغہ :

لا تُمَزِّق	واحد مذکر حاضر فعل نہی	لا یَلْعَبْ	واحد مذکر غائب
لا تَخْلَعْ	واحد مذکر حاضر	لا تَفْتَحِی	واحد مؤنث حاضر
لا تَسْرِق	واحد مذکر حاضر	لا تَضْحَکُوْا	جمع مذکر حاضر
لا تَخَافُوْا	جمع مذکر حاضر	لا تُشْرِکُوْا	جمع مذکر حاضر
لا یَسْخَرْ	واحد مذکر غائب	لا تُطِعْ	واحد مذکر حاضر
لا تَخَفْ	واحد مذکر حاضر	لا تَتَأَخَّرُوْا	جمع مذکر حاضر
لا تُہْمِلِی	واحد مؤنث حاضر	لا تَقْتَرِبْ	واحد مذکر حاضر
لا تَقِفْ	واحد مذکر حاضر	لا یَقْتَرِبُوْا	جمع مذکر غائب
		لا یَخْرُجْنَ	جمع مؤنث غائب

ترکیب نحوی :

لا تمزق فعل نہی ضمیر انت فاعل الکتاب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا یلعب فعل نہی الولد فاعل ب جار النار مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تخلع فعل نہی ضمیر انت فاعل حذاء مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ علی جار الحصیر مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تفتحی فعل نہی ضمیر انت فاعل نافذۃ مضاف الحجرۃ مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ ہوا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تسرق فعل ضمیر انت فاعل شیئا مفعول بہ من جار الدکان مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو

متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تضحکوا فعل ضمیر اسم فاعل فی جار کل مضاف وقت مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تخافوا فعل اسم فاعل من جار الظلمة مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تشرکوا فعل اسم فاعل ب جار لفظ الله مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا یسخر فعل نہی قوم فاعل من جار قوم مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تطع فعل نہی انت فاعل احدا مفعول بہ فی جار معصية مضاف الله مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور ہوا جار کے، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تخف فعل نہی انت فاعل احدا موصوف غیر مضاف لفظ الله مضاف الیہ مرکب اضافی صفت ہوا موصوف کے، موصوف با صفت مفعول بہ ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تتاخروا فعل اسم فاعل فی جار الذهاب مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوا فعل کے الی جار الكلية مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تهملي فعل انت فاعل واجبات مضاف ک مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ ہوا، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تقرب فعل انت فاعل من جار النار مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا تقف فعل انت فاعل فی جار ھذا اسم اشارہ المکان مشارالیہ، اسم اشارہ مع مشارالیہ مجرور ہوا جار کے جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا یقربوا فعل ھم فاعل من جار الفواحش مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

لا یخرجن فعل ھن فاعل فی جار الظہیرۃ مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ نہیہ۔

حل مشق ﴿ہ﴾ اردو سے عربی

لَا تَلْعَبُوْا فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ ، لَا تَقْطِفُوْا الزَّهْرَةَ ، لَا تَلْعَبُوْا فِی الْفَصْلِ ، لَا يَضْحَكْ هٰؤُلَآءِ الْاَطْفَالِ اَمَامَ الْاُسْتَاذِ ، لَاتَنْظُرُوْا اِلَى الْخَارِجِ ، لَا تُخْرِجِ الْيَدَ مِنَ النَّافِذَةِ ، لَا تَاْكُلُوْا الرِّبٰوا ، وَلَا تَشْرَبُوا الْخَمْرَ ، لَا تَكْذِبُوْا اَبَدًا ، لَا يَتَدَاخَلَا فِیْ اَمْرِیْ ، لَا تَخْرُجْنَ مِنْ بُيُوْتِكُنَّ سَافِرَاتٍ ، لَا تَظْلِمُوْا عَلَى الْيَتَامٰى ، لَا يَذْهَبْ خَالِدٌ اِلَى السُّوْقِ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ ، لَا تَقْطِفُوْا الْوَرْدَةَ .

الطفیلی

الکلمات الجدیدۃ

صحب ، تعبان ، الرد ، کسلان

﴿د﴾ نہی کے دس جملے

لَا تَنْزِلَا فِیْ مَكَانٍ	تم دونوں ایک جگہ مقیم نہ ہو جاؤ
لَا تَقُلْ لِلطُّفَيْلِیِّ	طفیلی سے مت کہہ
لَا تَاْخُذْ دِرْهَمًا	ایک درہم مت لو

لَا تَشْتَرِ لَنَا لَحْمًا	ہمارے لئے کچھ گوشت مت خرید
لَا تَذْهَبْ	مت جا
لَا تَقُمْ	مت اُٹھ
لَا تَطْبَخِ اللَّحْمَ	گوشت مت پکاؤ
لَا تَثْرُدْ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ	اس وقت میں ثرید مت بناؤ
لَا تَأْكُلْ	مت کھاؤ
لَا تُخَالِفْنِيْ	میری مخالفت نہ کر

الدرس الخامس عشر

نفی الفعل بلم ولما

الامثلة

ترکیب نحوی :

لم حرف جازمہ یحفظ فعل خالد فاعل درس مضاف ہ مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول بہ فعل کے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

لم حرف جازمہ ینقطع فعل نزول مضاف المطر مضاف الیہ مرکب اضافی فاعل ہوا فعل کے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

لم حرف جازمہ یقبضوا فعل ھم ضمیر فاعل علی جار اللص مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

لما حرف جازمہ تاکلی فعل ضمیر فاعل الطعام مفعول بہ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

لما حرف جازمہ یضعن فعل ضمیر فاعل القھوة مفعول بہ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

لما حرف جازمہ تسافر فعل ضمیر فاعل الی جار اوربا مجرور، جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾: گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کی نفی کرنے کیلئے ماکس فعل کے شروع میں زیادہ ہوگا؟

جواب : فعل ماضی کے شروع میں۔

سوال ﴿۲﴾ آنے والے زمانے میں کسی کام کی نفی کرنے کیلئے لا کا اضافہ کس فعل کے شروع میں ہوگا؟

جواب : فعل مضارع کے شروع میں۔

سوال ﴿۳﴾: گزرے ہوئے زمانے میں فعل کی نفی کرنے کیلئے دو اور طریقے کون کونسے ہیں؟

جواب : فعل کی نفی کرنے کے لئے لم اور لما بھی داخل ہوتے ہیں لیکن یہ دونوں حرف فعل ماضی کے بجائے فعل مضارع پر آتے ہیں۔

سوال ﴿۴﴾: لم اور لما میں عمل اور معنی کے لحاظ سے کیا فرق ہے؟

جواب : لم اور لما دونوں حروف جازمہ میں سے ہیں و دیگر فرق معنوی تو "لم" جملے میں صرف فعل کی نفی ہوتی ہے اور "لما" سے جملے میں اسکی نفی ہوتی ہے کہ مثلاً خالد نے متکلم کے بولنے کے وقت تک نہیں لکھا

سوال ﴿۵﴾: لم اور لما کے داخل ہونے سے مضارع پر کیا اثر ہوگا؟

جواب : لم اور لما کے داخل ہونے سے مضارع کے ان پانچ صیغوں واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، اور جمع متکلم کے آخری حرف پر پیش کے بجائے جزم آتا ہے، چاروں تثنیوں، جمع مذکر غائب، جمع مذکر حاضر، اور واحد مؤنث حاضر کے آخر سے نون گر جاتا ہے، جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے آخر میں نون باقی رہتا ہے۔ اگر آخر میں "ا" "یا" "واو" ہو تو وہ بھی ان دونوں کے آنے کی وجہ سے باقی نہیں رہتے۔

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾: فعل کی نفی "ما" سے

مَا ثَمرَ الشَّجَرُ	درخت نے پھل نہیں دیا
مَا کَتَبَ سَعِیْدٌ رِسَالَةً	سعید نے ایک خط نہیں لکھا
مَا تَرَکَ اَبِیْ	میرے باپ نے نہیں چھوڑا

مَا صَنَعَ النَّجَّارُ الْكُرْسِيَّ	بڑھئی نے کرسی نہیں بنائی
مَا خَلَقَ إِلَّا اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ	ہر چیز پیدا نہیں کی مگر اللہ تعالی نے
مَا مَاتَ زَيْدٌ فِيْ كَرَاتِشِيْ	زید کراچی میں نہیں مرا
مَا ضَاعَ شَيْءٌ مِنْ أَمْوَالِهِمْ	انکے اموال میں سے کوئی چیز ضائع نہیں ہوئی
مَا قَتَلَ عَمْرٌو	عمرو نے قتل نہیں کیا
مَا نَامَ جَارِيْ	میرا پڑوسی نہیں سوگیا
مَا طَبَخَ الْخَادِمُ	نوکر نے نہیں پکایا

حل مشق ﴿۲﴾ فعل کی نفی "لم" سے

لَمْ يَتْرُكِ الدَّرْسَ	اس نے سبق نہیں چھوڑا
لَمْ يَخَفْ صَدِيْقِيْ مِنَ الْحَيَّةِ	میرا دوست سانپ سے نہیں ڈرا
ان حروف کی مشابہت لفظی فعل کی ساتھ ثلاثیت ، رباعیت ،خماسیت اور ادغام اور لحوق نون
وقایہ ان حروف کی اخر میں ہیں اِنَّ ، اَنَّ ، لَيْتَ ثلاثی ہیں اور لَعَلَّ رباعی ہے اور لٰكِنَّ خماسی ہے اور ان
حروف کی مشابہت معنوی فعل کے ساتھ یہ ہے کہ یہ حروف فعل کی معنی پر ہیں اِنَّ اَنَّ بمعنی حَقَّقْتُ
كَاَنَّ بمعنی تَشَبَّهْتُ لٰكِنَّ بمعنی اِسْتَدْرَكْتُ ، لَيْتَ ، بمعنی تَمَنَّيْتُ ،لَعَلَّ بمعنی تَرَجَّيْتُ دو
سرا نام ان حروف کی حروف نواسخ بھی ہے اسلئے کہ وہ عامل معنوی کا عمل نسخ کرتی ہیں مبتدا خبر میں۔

فائدہ: اِنَّ اور اَنَّ دونوں آتے ہیں برائے تحقیق مضمون جملہ ،جملہ اسمیہ کی مضمون اسکو کہا جاتا ہے کہ
خبر جب اسم مشتق ہو تو اسکا مصدر مضاف کیا جاوے مبتدا کو مثال زَيْدٌ قَائِمٌ میں قِيَامُ زَيْدٍ جملہ اسمیہ کی
مضمون ہے۔جملہ فعلیہ کی مضمون اسکو کہا جاتا ہے کہ فعل کا مصدر مضاف کیا جاوے فاعل کو مثال
ضَرَبَ زَيْدٌ میں ضَرْبُ زَيْدٍ جملہ فعلیہ کی مضمون ہے۔

ضابطہ: مواضع استعمال اِنَّ اور اَنَّ میں اِنَّ مکسورہ ہر وہ موضع میں آتا ہے جو جملہ کی موضع ہو جیسے جواب
قسم یا مقول یا صفت وغیرہ تو ایسے مواضع میں اِنَّ آئیگا اور اَنَّ مفتوحہ ہر وہ موضع میں آتا ہے جو موضع
مفرد ہو جیسے فاعل ،مبتدا ،مفعول وغیرہ۔مذکورہ مواضع استعمال اس شعر نے جمع کیا ہے

اِنَّ در چار جا مکسور خوان ابتداو بعد قول وقسم دان
چوں درآید در خبر او لام نیز دائما مکسور خوانی اے عزیز

مواضع استعمال اَنَّ مفتوحہ اس شعر نے جمع کیا ہے۔

ان را در پنج جا مفتوح خوان بعد علم وبعد ظن ودرمیان
بعد لولا ولو تحقیق وان تا بیقتی ہیچ جا در شک آن

اَلْفَرْقُ بَيْنَ اِنْ وَاَنْ :اِنْ جملہ کی معنی میں تا کید پیدا کرتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی تغیر نہیں لاتا اور اَن جملہ کے معنی میں تا کید پیدا کرتا ہے اور علاوہ ازیں جملہ تاویل مفرد اور مصدر میں ہوا کرتا ہے۔

(کَاَنَّ) تشبیہ کیلئے آتا ہے تشبیہ عبارت ہے اِشْتِرَاکُ الشَّیْئَیْنِ فِیْ وَصْفٍ خَاصَّۃٍ جو چیز شئی اخر کی ساتھ شریک کیا جاتا ہے مشبہ کہلاتا ہے اور جن کے ساتھ شریک کیا جاتا ہے مشبہ بہ کہلاتا ہے اور جس وصف میں مشبہ مشبہ بہ شریک ہو، وجہ شبہ کہلاتا ہے مثال کَاَنَّ زَیْدً اَسَدٌ اس مثال میں کَاَنَّ حرف تشبیہ ہے جو زید کو مشبہ بنادیا ہے اور اسد مشبہ بہ ہے اور کاف حرف تشبیہ ہے اور وجہ شبہ محذوف ہے جو شجاعت (بہادری) ہے

(لٰکِنَّ) استدراک کیلئے آتا ہے استدراک لغت میں پانا اور اصطلاح میں دفعہ کرتا ہے اس وھم کو جو کلام سابق سے پیدا کیا گیا ہو اور لٰکِنَّ دو جملوں کی مابین میں واقع ہوتا ہے اور اس حرف کے ساتھ نفی لازم ہے نفی یا تو اس سے ماقبل ہو یا مابعد پہلے جملے کو مستدرک عنہ کہا جاتا ہے اور دوسرے جملے کو مستدرک کہا جاتا ہے اسی طرح پہلے جملے کو مُوْھِمْ اور دوسرے جملے کو دافعہ بھی کہا جاتا ہے ﴿مثال﴾ مَا جَاءَ نِیْ زَیْدٌ لٰکِنَّ عَمْرًا جَاءَ قَامَ زَیْدٌ لٰکِنَّ خَالِدًا لَمْ یَقُمْ ﴿لَیْتَ﴾ تمنا اور آرزو کے لئے اتا ہے اور ﴿لَعَلَّ﴾ امید کیلئے اتا ہے۔

﴿فائدہ﴾ حروف مشبہ بالفعل کی ساتھ مَا کَافَّۃٌ عَنِ الْعَمَلِ لاحق ہو جاتا ہے اور ان حروف کو عمل سے منع کرتا ہیں مثال اِنَّمَا اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ، اِنَّمَا زَیْدٌ مُنْطَلِقٌ دونوں مثالوں میں اِلٰہٌ اور زَیْدٌ مرفوع ہیں نہ کہ منصوب۔

النوع الثالث

مَا وَلَا:

امور خمسہ نوعہ ثالث میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم اور نام اس نوعہ کا حاصل یہ ہے کہ ان دونوں حروف کی ذات حرف ہے۔ اسم اور فعل نہیں ہے عدد میں دو ہیں، کم وبیش نہیں۔ ان دونوں کی مدخول جملہ اسمیہ ہیں اور جملہ فعلیہ اور صرف اسم فعل اور حرف نہیں ہیں۔ انکی عمل رفع ہے مبتدا میں جو مسمی کیا جاتا ہے ماولا کے اسم کے ساتھ اور نصب ہے خبر میں جو مسمی کیا جاتا ہے۔ ماولا کی خبر کے ساتھ

رفع نصب عام ہیں خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی اسم وعام ان دونوں کی یہ ہے کہ وہ مسمی کی جاتی ہے۔ ما ولا مشابہ بلیس کے ساتھ اسلئے کہ انکی مشابہت ہے لیس کے ساتھ نفی اور دخول میں مبتدا اور خبر پر یعنی جس طرح لیس نفی کیلئے آتا ہے۔ اسی طرح یہ حروف بھی اور جس طرح لیس مبتدا خبر پر داخل ہوتا ہے مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے تو یہ عمل ما ولا کی بھی ہے مثال ما زید قائما ولا رجل افضل منک

فائدہ: ما ولا میں فرق ہے وہ اس طور پر کہ مدخول ما عام ہے خواہ معرفہ ہو یا نکرہ اور مدخول لا خاص ہے کہ صرف نکرہ پر داخل ہوتا ہے مثال ما زید قائما ما رجل قائما لا رجل ظریفا معارف پانچ ہیں جو اس شعر میں ہیں معارف ہم پنج است زان نشش ودشم مضاف ومضمر وذواللام ومبہم است وعلم

النوع الرابع

واو و یا و ہمزہ و الا یا و ای ہیا ناصب اسند ہمہ این ہفت حرف اسے مقتدا

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل اسم اور عام ہیں اس نوع میں جتنی عوامل ذکر کئے گئے ہیں ذات انکی حرف ہے نہ کہ اسم و فعل۔ عدد میں سات ہیں انکی مدخول اسم ہے۔ جملہ اسمیہ جملہ فعلیہ فعل و حرف نہیں انکی عمل نصب ہے اسم میں رفع و جر نہیں اسم وعام یہ ہے کہ واؤ مسمی کیا جا سکتا ہے بمعنی مع اور مدخول مفعول معہ کیساتھ یا اور اسکے اخوات مسمی کیا جا سکتا ہے۔ حروف ندا کیساتھ اور مدخول منادی کیساتھ الا مسمی کیا جا سکتا ہے استثناء کی ساتھ اور مدخول مستثنی کیساتھ مثال برائے واؤ جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتَ ای مَعَ الْجُبَّاتِ مثال برائے یا یَا عَبْدَ اللّٰهِ مثال برائے الا جَاءَنِیْ الْقَوْمُ إِلَّا زَیْدًا

فائدہ مہمہ: استثناء لغت میں متغیر کرنے کو کہتے ہے اور اصطلاح میں الا کے بعد والا کلام کو متغیر کرنا ہے حکم ماقبل سے ماقبل الا کو مستثنی منہ اور مابعد کو مستثنی کہتے ہیں۔ مستثنی دو قسم ہے:

(۱) متصل (۲) منقطع

مستثنی متصل اسکو کہتے ہیں کہ خارج کیا گیا ہو بسبب الا حکم ماقبل سے اور مستثنی داخل ہو مستثنی منہ میں قبل ذکر الا سے مثال جاءنی القومُ الا زیدا، مستثنی منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مذکور ہو بعد الا اور خارج نہیں کیا گیا ہو حکم ماقبل سے اسلئے کہ داخل نہیں ہوتا مستثنی منہ میں مثال جاءنی القومُ الا حمارًا ابھی

متصل اور منقطع میں دو مذھب ہیں (۱) مذھب جمھور نحات (۲) مذھب بعض نحات جمھور نحات فرماتے ہیں کہ مستثنیٰ متصل اسکو کہتے ہیں کہ خارج کیا گیا ہو باعتبار حکم ماقبل سے اور مستثنیٰ داخل ہو مستثنیٰ منہ میں قبل استثناء خواہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے ہو یا نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا زیدًا قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ زید اس قوم کے افراد میں سے ہو غیر جنس کا مثال جاء نی القومُ الا حمارًا قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ حمار داخل ہو اس قوم میں۔

مستثنیٰ منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مذکور ہو بعد الا اور خارج نہیں کیا گیا ہو حکم ماقبل سے اسلئے کہ داخل نہیں ہوتا مستثنیٰ منہ میں خواہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ ہو یا نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا زیدًا قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ زید نہ ہو افراد قوم میں سے دوسرا مثال جاء نی القومُ الا حمارًا قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ حمار داخل نہ ہو اس قوم میں۔ بعض نحات فرماتے ہیں کہ مستثنیٰ متصل اسکو کہتے ہیں کہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے ہو مثال جاء نی القومُ الا زیدًا اور مستثنیٰ منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا حمارًا یا دی لندا القریب والبعید یا ندا قریب اور بعید دونوں کیلئے آتا ہے ایا اور ھیا منادیٰ بعید کیلئے ای اور ھمزہ مفتوحہ منادیٰ قریب کیلئے اب ترکیب ندائی میں امور اربعہ ہیں (۱) حرف ندا (۲) منادیٰ (۳) منادیٰ (۴) مقصود بالندا مثال یا ایھا الناس اعبدو ربکم یا حرف ندا اللہ تعالیٰ منادیٰ الناس منادیٰ اعبدو ربکم مقصود بالندا۔

اعراب المنادیٰ: حروف ندا ناصب ہیں اسم کو جب یہ اسم مضاف ہو یا شبہ مضاف ہو مثال یا عبدَ اللہِ یا طالعًا جَبَلاً اور اگر اسم مضاف یا شبہ مضاف نہ ہو تو پھر حروف ندا رفع دیتی ہیں اسم مفرد کو مثال یازیدُ یا زیدا نِ یا زیدُونَ

النوع الخامس

ان ولن پس کی اذن ان چار حرف معتبر نصب مستقبل کنند ایں جملہ دائم اقتضا

یہ چار حروف نصب دیتی ہیں فعل مضارع کو دوام کے ساتھ۔ وہ تقاضا کرتی ہیں کہ نصب دے فعل مضارع کو۔ امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔ اس نوعہ خامس میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں، انکی ذات حرف ہے نہ کہ اسم و فعل عدد میں چار ہیں کم و بیش نہیں اور

مدخول انکی فعل ہے (فعل مضارع) جملہ اسمیہ نہیں اور انکی عمل نصب ہے فعل مضارع میں اور علامہ نصب مفردات میں فتحہ ہے تثنیہ جمع اور واحد مونث حاضرہ میں سقوط نون اعرابی ہے۔ نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی۔ ان کے اسم وتام یہ ہے کہ وہ مسمی کیا جاسکتا ہے۔ حروف نواصب سے اسلئے کہ وہ نصب دیتی ہیں مضارع کو اور اس طرح مسمی ہیں حروف استقبال سے اسلئے کہ وہ فعل مضارع کا معنی نقل کرتی ہیں حال سے استقبال کو۔

فائدہ: اَنْ استقبال کیلئے آتا ہے اگر چہ داخل ہو ماضی پر مثال اَسْلَمْتُ اَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ یا اَنْ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ اور اس اَنْ کو اَنْ مصدریہ بھی کہتا ہے اسلئے کہ یہ اَنْ جملہ بتاویل مصدر کر دیتا ہے مثال اَعْجَبَنِیْ اَنْ تَضْرِبَ اَیْ ضَرْبُکَ (لَنْ) فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور فعل مضارع کو معنی مستقبل کر دیتا ہے اور نفی میں تاکید پیدا کرتا ہے مثال لَنْ تَرَانِیْ ہرگز تم مجھے نہیں دیکھے گا آئندہ زمانے میں۔ (کَیْ) سببیت کیلئے آتا ہے اپنا ماقبل مابعد کیلئے سبب بناتا ہے مثال اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ (اِذَنْ) برائے جواب وجزاء آتا ہے کوئی کہیا کہ اَتَـا آتِیْکَ غَـدًا آپ جواب میں کہے اِذَنْ اُکْرِمُکَ اور اِذَنْ صرف فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے مثال برائے جزاء مثلا کوئی کہے اَسْلَمْتُ تو اسکے جزاء میں اِذَنْ تَدْخُلَ الْجَنَّةَ

النوع السادس

ان ولم لما ولام امر ولائی نہی نیز — پنج حرف جازم فعلند ہریک بیدنا

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم وتام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کیے گئے ہیں۔ اس سب کی ذات حرف ہے اسم وفعل نہیں۔ عدد میں پانچ ہیں کم وبیش نہیں انکی مدخول فعل مضارع ہے اسم وفعل نہیں۔ انکی عمل یہ ہے کہ جزم دیتی ہے اپنی مدخول کو۔ جزم عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی علامہ جزم صحیح مفردات میں بحذف حرکت ہے اور معتل مفردات میں بحذف حرف علت ہے اور تثنیہ جمع اور واحد مونث حاضرہ میں بحذف نون اعرابی ہے انکی اسم وتام یہ ہے کہ وہ مسمی کیا جاسکتا ہے۔ حروف جوازم سے اسلئے کہ وہ جزم دیتی ہیں فعل مضارع کو اور اسی طرح حروف نقل سے اسلئے کہ اِنْ نقل کرتا ہے معنی ماضی مضارع کو۔ لَمْ

اور لمّا نقل کرتی ہیں معنی مضارع ماضی کو لام امر لائے نہی نقل کرتی ہیں معنی مضارع حال سے استقبال کو۔

فائدہ: لَمْ فعل مضارع کو معنی ماضی منفی کر دیتا ہے مثال لَمْ یَضْرِبْ یہ بمعنی مَا ضَرَبَ ہے لَمَّا بھی مثل لَمْ ہے لیکن ان کی مابین فرق ہے وہ یہ کہ لَمَّا خاص ہے استغراق کیساتھ یعنی وقت نفی سے زمانہ تکلم تک اس سارے زمانے میں فعل کا نفی کیا گیا ہے اور لَمْ میں استغراق نہیں ہوتا مثال لَمَّا، لَمَّا یَضْرِبْ زَیْدٌ (ابھی تک زید نے نہیں مارا) تو تقدیر عبارت یوں ہوگی مَا ضَرَبَ زَیْدٌ فِیْ شَیْءٍ مِنَ الْاَزْمِنَۃِ الْمَاضِیَۃِ۔

(لام امر) طلب فعل کیلئے آتا ہے۔ طلب فعل یا فاعل غائب سے ہوگا مثال لِیَضْرِبْ یا فاعل متکلم سے لِاَضْرِبْ مفعول غائب سے لِیُضْرَبْ یا مفعول مخاطب سے لِتُضْرَبْ یا مفعول متکلم سے لِاُضْرَبْ

(لائے نہی) طلب ترک فعل کیلئے آتا ہے طلب ترک فعل یا تو فاعل غائب سے ہوگا لَا یَضْرِبْ یا فاعل مخاطب سے لَا تَضْرِبْ یا فاعل متکلم سے لَا اَضْرِبْ، لَا تَضْرِبْ اِنْ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلا جملہ فعلیہ ہوگی اور دوسرا جملہ کبھی فعلیہ ہوگا اور کبھی اسمیہ ہوگا۔ پہلے جملے کو شرطیہ اور دوسرے جملے کو جزاء کہتے ہیں۔

اب مدخول اِنْ خالی نہ ہوگا یا تو دونوں جملے فعل مضارع ہوں گے یا شرط صرف فعل مضارع ہوگا اور جزاء یا فعل ماضی ہوگا یا جملہ اسمیہ تو ان دونوں صورتوں میں اِنْ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے وجوبا مثال اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ دونوں جملے فعل مضارع مجزوم ہیں اِنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ پہلا جملہ فعل مضارع مجزوم ہے لفظاً اور دوسرا جملہ مجزوم ہے محلاً اِنْ تَضْرِبْ فَزَیْدٌ ضَارِبٌ پہلا جملہ فعل مضارع مجزوم ہے لفظاً اور دوسرا جملہ اسمیہ محلاً مجزوم ہے اور اگر جزاء صرف فعل مضارع ہو اور شرط فعل ماضی ہو تو اس صورت میں اِنْ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے جوازاً مثال اِنْ ضَرَبْتَ اَضْرِبْ / اَضْرِبُ۔ اور باقی چار حروف کی مدخول فقط فعل مضارع ہے اور جزم دیتی ہیں فعل مضارع کو فقط۔

حروف عاملہ ختم شد

اسمائے عاملہ شروع ہوا

النوع السابع

من و ما مہما و ای حیثما اذما متی　　　اَنّٰی و اَیّ نام جازمند مر فعل را

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں انکی ذات اسم ہے فعل حرف نہیں عدد میں نو ہے کم و بیش نہیں ہیں اور انکی مدخول فعل ہے اسم اور حرف نہیں انکی عمل یہ ہے کہ وہ جزم دیتی ہیں فعل مدخول کو اس شرط پر کہ یہ اسماء متضمن ہو معنی اِنْ شرطیہ کو اور علامہ جزم سقوط حرکات ہیں صحیح مفرد اوات خمسہ میں اور ناقص میں سقوط حرف علت ہے تثنیہ جمع واحد مؤنث حاضرہ میں سقوط نون اعرابی ہے۔ اسم و نام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی کیا جاسکتا ہے۔ اسماء جوازم سے اسلئے کہ وہ جزم دیتی ہیں مضارع کو اور مسمی ہیں آسماء شرط سے اسلئے کہ وہ معنی اِنْ شرطیہ کو متضمن ہیں مثال: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ۔

فائدہ: آسماء شرط داخل ہوتے ہیں دو فعلوں پر، فعل اول سبب ہوتا ہے فعل ثانی کیلئے، فعل اول کو شرط اور ثانی کو جزاء کہتے ہیں۔ اب اگر دونوں فعل مضارع ہو یا فعل اول مضارع ہو اور فعل ثانی مضارع نہیو تو ان دونوں صورتوں میں جزم واجب ہے فعل مضارع میں مثال: مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ مَنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ۔ اگر فعل ثانی مضارع ہو اور فعل اول ماضی ہو تو اس صورت میں رفع جزم دونوں جائز ہیں فعل مضارع میں، مثال اِذْمَا كَتَبْتَ اَكْتُبُ / اَكْتُبْ۔ (۱) مَنْ استعمال ہوتا ہے ذوی العقول میں اور غیر ذوی العقول میں بہت کم استعمال ہوتا ہے مَنْ يُكْرِمْنِيْ اُكْرِمْهُ غیر ذوی العقول کیلئے مثال قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ

(۲) مَا اکثر غیر ذوی العقول میں استعمال ہوتا ہے اور ذوی العقول کیلئے بھی آتا ہے اول کیلئے مثال مَا تَشْتَرِ اَشْتَرِ دوسرے کیلئے مثال قَوْلُہٗ تعالی وَالسَّمَآءِ وَ مَابَنٰهَا اَیْ وَمَنْ بَنٰهَا

(۳) اَیٌّ لازم الاضافۃ ہے اور صرف ذوی العقول کیلئے آتا ہے مثال اَیُّهُمْ يَضْرِبْنِیْ اَضْرِبْهُ ۔

(۴) (۵) متی، مهما زمان کیلئے آتے ہیں (ظرف زمان) مَتٰی یا مَهْمَا تَذْهَبْ اَذْهَبْ اَیْ اِنْ تَذْهَبِ الْیَوْمَ اَذْهَبِ الْیَوْمَ ۔

(۶) انی (۷) اینما (۸) حیثما مکان کیلئے آتی ہیں اَنّٰی یا اَیْنَمَا یا حَیْثُمَا تَقْعُدْ اَقْعُدْ

(۹) اذما غیر ذوی العقول کیلئے اتا ہے اِذْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ ۔

النوع الثامن

ناصب اسم منکر نوع ہشتم چار اسم ہست چوں تمیز باشد آں منکر ہر کجا

اٹھواں نوع ان عوامل میں سے ہے جو نصب دیتی ہے اسم نکرہ کو۔ وہ چار ہیں اور ایسا اسم نکرہ ہر جگہ منصوب ہوگی بنا بر تمیز۔

اولین لفظ عشر باشد مرکب با احد ہم چنیں تا تسع و تسعین بر شمرایں حکم را

ان چار اسماء میں لفظ عشر ہے جو مرکب ہو احد کیساتھ اسی طرح یہ حکم شمار کرنا نوے تک۔

باز ثانی کم جو استفہام باشد نی خبر ثالث ایشاں کاین رابع ایشاں کذا

پھر بعد اسماء اعداد سے کم ہے جب یہ استفہامیہ ہو نہ کہ خبریہ تیسرا کاین ہے اور چوتھا ان سے کذا ہے۔

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم ونام ہیں۔

اس نوع میں جتنے عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں انکی ذات اسم ہے فعل و حرف نہیں عدد میں چار ہے انکی مدخول اسم نکرہ مفردہ ہے جملہ اسمیہ فعلیہ فعل اور حرف نہیں انکی عمل نصب ہے اسم نکرہ مفردہ میں بناء بر تمیز رفع اور جر نہیں اسم ونام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی ہیں اسماء نواصب سے اور اسی طرح اسماء اعداد سے اسلئے کہ وہ مشتمل ہیں عدد پر۔

فائدہ: جاننا چاہیے کہ شمار کو اسماء اعداد اور جو چیز شمار کیا جاتا ہے اسکو معدود و مبین ممیز اور تمیز کہتے ہیں معدود دو قسم پر ہے (۱) عدد صریحی (۲) عدد غیر صریحی (عدد کنائی)

(۱) عدد صریحی یہ ہے کہ مفہوم ہوتا ہے اسماء اعداد سے وہ اثنین ثلثہ ہیں الاانتہا تک (۲) عدد کنائی یہ ہے کہ مفہوم ہوتا ہے کم کذا کاین سے عدد صریحی تین قسم پر ہے (۱) عدد اقل (۲) عدد اوسط (۳) عدد اکثر عدد اقل واحد سے عشر تک اور عدد اوسط احد عشر سے تسع وتسعون تک عدد اکثر مائۃ سے الاانتہا تک۔

فائدہ: اسماء اعداد میں امور ثلاثہ کی معرفت ضروری ہے

(۱) کلمات اسماء اعداد (۲) استعمال اسماء اعداد (۳) تمیز اسماء اعداد۔

تمیز اسمائے اعداد: عدد اقل میں واحد اور اثنان انکی تمیز نہیں آتی اور باقی عدد اقل کی تمیز جمع مجرور ہوتا ہے ثلاثۃُ رِجالٍ اور تمیز عدد اوسط کی مفرد منصوب ہوتی ہے اَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً تمیز عدد اکثر کی مفرد مجرور ہوتی ہے عِنْدِیْ مِائَۃُ رَجُلٍ. مذکورہ تینوں اعداد کی تمیز اور احوال کسی نے شعر میں جمع کیا ہے۔

تمیز از عدد بر سہ نمط دان ز سہ تا دہ ہمہ مجموع ومکسور ز دہ تا صد ہمہ منصوب ومفرد ز صد برتر فرد است

ومجرور اصول اور کلمات اسمائے اعداد مفرد واحد سے عشر تک اور مائۃ والف۔ تو کل بارہ اعداد مفردات ہوگئی۔ (۲) مرکب بلا عطف احد عشر سے تسعۃ عشر تک (۳) عقود عشرون سے تسعون تک (۴) مرکب بواسطہ معطوف انکی مابین میں واؤ عطف آیا ہو یہ واحد وعشرون سے تسع وتسعون تک (استعمال) واحد واثنان ہمیشہ موافق القیاس استعمال ہوتے ہیں مذکر کیلئے واحد اور اثنان آتے ہیں اور مونث کیلئے واحدۃ اور اثنتان خواہ مفرد ہو یا مرکب ہو یا معطوف اور ثلاثۃ سے تسعۃ تک مخالف القیاس استعمال ہوتے ہیں خواہ معدود مفرد ہو یا مرکب ہو یا معطوف اور عشر مفرد میں معدود کا مخالف ہوتا ہے اور مرکب میں موافق ہوتا ہے اور عقود وثمانیہ میں مائۃ اور الف میں تذکیر تانیث برابر ہے یعنی مذکر اور مونث دونوں کیلئے یکساں مستعمل ہوتے ہیں۔

عدد کنائی کیلئے تین الفاظ ہیں۔ (۱) کم (۲) کذا (۳) کاین (۱) کم بیان عدد کیلئے آتا ہے اور یہ مبہم ہوتا ہے کم دو قسم پر ہے (۱) کم استفہامیہ (۲) کم خبریہ (۱) کم استفہامیہ یہ ہے کہ اس پر طلب فہم کرتا ہے غیر سے اور کم استفہامیہ کا علامہ یہ ہے کہ اس کم کے بعد صیغہ مخاطب ذکر کیا جاتا ہے اور اسکا تمیز منصوب ہوتی ہے مثال کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَہٗ (کتنے مرد تم نے مارا) (۲) کم خبریہ یہ ہے کہ اس سے اخبار دیا گیا ہو اپنے نفس سے اور کم خبریہ کا علامت یہ ہے کہ اس کم کے بعد صیغہ متکلم ذکر کیا جاتا ہے اور اسکا تمیز مجرور ہوا کرتا

ہے بناء براضافت مثال کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُهٗ (بہت سا مال میں نے خرچ کیا)

(کذا) مرکب ہے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ سے لیکن یہی معنی ترکیبی مراد نہیں بلکہ مراد عدد مبہم ہے کذا نصب دیتا ہے تمیز کو مثال کَذَا رَجُلًا عِنْدَکَ (کتنے مرد آپ کے پاس ہے) (کأین)مرکب ہے کاف حرف تشبیہ اور حرف تشبیہ اور ای اسم موصول سے لیکن یہاں اس سے عدد مبہم مراد ہے اور وہ نصب دیتا ہے تمیز کو مثال کَاَیِّنْ رَجُلًا عِنْدَکَ (کتنے مرد آپ کے پاس ہیں)

﴿خلاصہ نوعہ ثامن﴾

مندرجہ ذیل امور ذکر کی گئی ہیں انکی پہنچانا ضروری ہے (۱) عدد صریحی (۲) عدد کنائی (۳) اقسام عدد صریحی کی اقل، اوسط، اکثر (۴) احوال معدود اور تمیز جمع مجرور مفرد منصوب مفرد مجرور (۵) اسماء اعداد کی اصول وکلمات مفرادات مرکب بلاعطف عقود ثمانیہ مرکب بالعطف (۶) اسماء اعداد کی استعمال موافق القیاس مخالف القیاس (۷) عدد کنائی کی الفاظ کم، کذا، کأین

النوع التاسع

نہ بود اسمائے افعالی کز ان شش ناصب دونک بلہ علیک حیھل باشد وھا پس روید باز رافع اسم را ھیھات

دان بازشتان است سرعان یاد گیر ایں ہیتھا

- امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم ونام ہیں اس نوعہ میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں ان سب کی ذات اسم ہے عدد میں نو ہیں انکی مدخول بھی اسم مفردہ ہے اور انکی عمل یہ ہے کہ چھ ان میں سے نصب دیتی ہیں مدخول کو بناء بر مفعولیت اور تین رفع دیتی ہیں مدخول کو بناء بر فاعلیت رفع نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی۔

اسم ونام انکی اسماء افعال ہے اسلئے کہ یہ اسماء بمعنی افعال ہیں پہلے چھ بمعنی امر حاضر ہیں اور تین بمعنی ماضی ہیں (۱) رُوَیْدَ بمعنی اَمْهِلْ (مہلت دو) مثال رُوَیْدَ زَیْدًا ای اَمْهِلْ زَیْدًا (۲) بَلْهَ بمعنی دَعْ (چھوڑ دو) مثال بَلْهَ زَیْدًا ای دَعْ زَیْدًا (۳) عَلَیْکَ بمعنی اَلْزِمْ (لازم کر) مثال عَلَیْکَ زَیْدًا ای اَلْزِمْ زَیْدًا

(۵) حَیَّھَلْ بمعنی ایت (آؤ) مثال حَیَّھَلِ الصَّلٰوۃَ ای ایتِ الصلوۃَ (۶) ھَا بمعنی خُذْ (پکڑو) مثال ھَا زَیْدًا ای خُذْ زَیْدًا

مذکورہ ان چھ افعالوں کیلئے فاعل ضروری ہے اور فاعل ضمیر مخاطب ہے جو ان افعال میں مستتر ہے (۷) ھَیْھَاتَ بمعنی بَعُدَ فعل ماضی مثال ھَیْھَاتَ زَیْدٌ ای بَعُدَ زَیْدٌ (زید دور ہوا) (۸) سَرْعَانَ بمعنی سَرُعَ مثال سَرْعَانَ زَیْدٌ ای سَرُعَ زَیْدٌ (زید نے جلدی کی) (۹) شَتَّانَ بمعنی اِفْتَرَقَ مثال شَتَّانَ زَیْدٌ ای اِفْتَرَقَ زَیْدٌ (زید جدا ہوا)

﴿اسمائے عاملہ ختم شد﴾

النوع العاشر

نوع عاشر سیزدہ فعلند کایشاں ناقصند
رافع اسمند و ناصب در خبر چوں ماولا

کان صار اصبح امسی واضحی ظل بات
ما فتی مادام ما انفک لیس باشد ازقفا

ما برح مازال افعالی کز نحا مشتقند
ہر کجا بینی ہمیں حکم است در جملہ روا

امور خمسہ اس نوع ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔ اس نوع میں جتنے عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں۔ ذات ان سب کی فعل ہے اسم و حرف نہیں۔ عدد میں تیرہ ہیں کم و بیش نہیں انکی مدخول جملہ اسمیہ ہے اور جملہ فعلیہ اور اسم فعل و حرف نہیں اور انکی عمل رفع ہے۔ مبتدا میں جو مسمی کیا جا سکتا ہے افعال ناقصہ کی اسم سے اور نصب ہے خبر میں جو مسمی کیا جا سکتا ہے۔ افعال ناقصہ کی خبر سے رفع نصب عام ہیں خواہ لفظی ہو یا تقدیری ہو یا محلی ہو۔

انکی اسم و نام یہ ہیں کہ وہ مسمی کئے جاتے ہیں افعال ناقصہ سے۔ بوجہ نقصان ان افعال کے معنی میں اسلئے کہ ناتمام رہتا ہے معنی افعال فقط مرفوع یعنی فاعل پر بدون انضمام منصوب کے یعنی یہ افعال فاعل پر تمام نہیں ہوتے بلکہ محتاج ہوتے ہیں۔ خبر کو بخلاف باقی افعال کے کہ وہ فقط مرفوع پر تمام ہوتی ہیں اور خبر کو محتاج نہیں ہوتی۔ اسی طرح مسمی کئے جاتے ہیں یہ افعال نواسخ سے اسلئے کہ وہ عامل معنوی کا عمل منسوخ کرتے ہیں مبتدا اور خبر میں۔

فائدہ: کان دو قسم پر ہیں (۱) کان زائدہ کہ خلل واقع نہیں ہوتا اصل معنی کلام میں اسکے سقوط سے

(۲) کان غیر زائد کہ خلل اور نقصان واقع ہوتا ہے اصل معنی کلام کلام میں اسکے سقوط سے کان غیر زائدہ دو قسم پر ہے (۱) تامہ (۲) ناقصہ کان ناقصہ یہ ہے کہ ثابت کر دیتا ہے اپنا خبر اسم کیلئے زمانہ ماضی میں خواہ ممکن الانقطاع ہو یا ممتنع الانقطاع یعنی ثبوت خبر اسم کیلئے زمانہ ماضی سے حال تک دائمی ہو یا نہ ہو مثال ممکن الانقطاع کیلئے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا اس مثال میں قیام ثابت کیا گیا ہے زید کیلئے تو یہ ضروری نہیں کہ زید کا قیام زمانہ تکلم تک ممتد ہو مثال ممتنع الانقطاع کیلئے وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا صفت علم اللہ تعالیٰ کیلئے دائمی ہے کان تامہ یہ ہے کہ فقط فاعل پر تمام ہوتا ہے اور خبر کو محتاج نہ ہو کان تامہ بمعنی وَجَدَ بھی آتا ہے کَانَ زَیْدٌ ای وَجَدَ زَیْدٌ

صار دو قسم پر ہے (۱) تامہ (۲) ناقصہ ناقصہ یہ ہے کہ وہ دال ہو انتقال اسم پر ایک حقیقت سے دوسرے حقیقت کو یا دال ہوں انتقال اسم پر ایک صفت سے دوسرے صفت کو اول کیلئے مثال صَارَ الطِّیْنُ خَذَفًا دوسرے کیلئے مثال صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا

صارہ تامہ یہ ہے کہ فقط فاعل پر تمام ہوتا ہو اور دال ہو انتقال اسم پر ایک مکان سے دوسرے مکان کو اور متعدی بالی ہو مثال صَارَ زَیْدٌ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ (زید منتقل ہوا ایک شہر سے دوسری شہر کو)

اصبح، امسی، اضحی یہ دلالت کرتی ہیں جملہ کی اقتران مضمون پر انہی اوقات تک مضمون جملہ یہ ہے کہ مصدر اسم مشتق مضاف کی جاوے مبتدا کو مثلاً اَصْبَحَ زَیْدٌ غَنِیًّا میں مضمون جملہ غنا زید ہے اور وقت اصبح صبح کا وقت ہے تو معنی یہ ہوا اصبح زیدٌ ای حَصَلَ غِنَاهُ فِیْ وَقْتِ الصَّبَاحِ اسی طرح اَضْحٰی زَیْدٌ حَاکِمًا ای حَصَلَ الْحُکُوْمَۃُ فِیْ وَقْتِ الضُّحٰی اسی طرح اَمْسٰی زَیْدٌ قَارِئًا ای حَصَلَ قِرَاءَتُہٗ فِیْ وَقْتِ الْمَسَاءِ مذکور تین افعال بمعنی صار بھی آتی ہیں اس وقت یہ افعال خالی ہوگی معنی وقت سے اور صار دلالت کرے گا انتقال اسم پر ایک صفت سے دوسرے صفت کو مثال اَصْبَحَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا ای صَارَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا اَمْسٰی زَیْدٌ کَاتِبًا ای صَارَ زَیْدٌ کَاتِبًا اَضْحَی الْمُظْلِمُ مُنِیْرًا ای صَارَ الْمُظْلِمُ مُنِیْرًا مذکورہ تین افعال تامہ بھی آتے ہیں اور بمعنی دَخَلَ ہوگی اور جن اوقات پر دلالت کریگی وہ دخل فعل کیلئے ظرف ہوگی مثال اَصْبَحَ زَیْدٌ ای دَخَلَ زَیْدٌ فِی الصَّبَاحِ (زید وقت صباح میں داخل ہوا) اَمْسٰی زَیْدٌ ای دَخَلَ زَیْدٌ فِی الْمَسَاءِ اَضْحٰی زَیْدٌ ای دَخَلَ زَیْدٌ فِیْ

الضحٰی۔

ظلّ، باتَ: یہ دونوں دلالت کرتے ہیں جملہ کی اقتران مضمون پر اپنی اوقات تک ظلّ کا وقت نہار ہے اور بات کا وقت لیل ہے مثال ظلَّ زیدٌ کاتبًا ای حصل کتابتہ فی النھار باتَ زیدٌ نائمًا ای حصل نومہ فی اللیل مذکورہ دونوں افعال بمعنی صار بھی آتے ہیں مثال ظلّ الصبیُّ بالغًا ای صار بالغًا باتَ الشابُّ شیخًا ای صار شیخًا۔

ما دام: آتا ہے ایک شے کی توقیت کے لئے اپنی مدت تک خبر کا اپنے اسم کیلئے مثال اجلس ما دام زیدٌ جالسًا اس مثال میں جلوس مخاطب ثابت ہوگا اس وقت تک جب تک زید کے لئے جلوس ثابت ہو اسلئے ضروری ہے کہ مادام سے پہلے یا تو جملہ اسمیہ ہے یا فعلیہ اسلئے کہ مادام ما قبل کے لئے ظرف بن جاتا ہے مثال زیدٌ قائمٌ ما دام بکرٌ قائمًا۔

ما زال، ما برح، ما انفکّ، ما فتیٔ: یہ چاروں افعال دلالت کرتی ہیں خبر کے ثبوت دوام پر اپنے اسم کیلئے جس وقت سے اسم خبر کو قبول کیا ہے اور ان افعال کے لئے نفی لازم ہے۔ مثال: ما زالَ زیدٌ غنیًا (ہمیشہ زید مالدار اور غنی تھا) ما برحَ زیدٌ صائمًا (زید ہمیشہ روزہ دار تھا) ما انفکَّ زیدٌ عاقلًا، ما فتیٔ عمرٌو فاضلًا۔ لیس: جملہ حالی کے مضمون کے نفی کیلئے آتا ہے یعنی نفی لے آتا ہے زمانہ حال میں مثال: لیس زیدٌ قائمًا (زید ابھی کھڑا نہیں ہے) اور بعض کہتے ہیں کہ لیس مطلق نفی کیلئے آتا ہے خواہ نفی زمانہ حال میں ہو یا استقبال میں ہو یا ماضی میں ہو۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ تقدیم افعال ناقصہ کی خبر کا اپنی اسم پر جائز ہے مثال: کان قائمًا زیدٌ اور اسی طرح خبر کا تقدیم نفسی افعال پر بھی جائز ہے مثال: قائمًا کان زیدٌ

فائدہ: بدان کہ مشتقات ناقصہ کی (کہ مضارع، امر، نہی، اسم فاعل، مصدر وغیرہ ہیں ان افعال کی حکم میں ہے عمل میں جواز تقدیم خبر وغیرہ میں مثال قولہ تعالی او یصبح ماؤھا غورًا

النوع الحادی عشر

دیگر افعال مقارب در عمل چوں ناقصہ ہست آں کا ذکر باب اوشک دیگر عسی

امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔ اس نوعہ میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی

گئی ہیں انکی ذات فعل ہے اسم و حرف نہیں عدد میں چار ہیں اور مدخول انکی وہ جملہ اسمیہ ہے کہ جزء اول انکی اسم ہو اور جز ثانی فعل مضارع ہو مع اَنْ یا بغیر اَنْ اور انکی عمل رفع ہے مبتدا میں جو مسمی ہے افعال مقاربہ کی اسم کے ساتھ اور نصب ہے خبر میں جو مسمی ہے افعال مقاربہ کی خبر کے ساتھ رفع نصب عام ہیں لفظی ہو یا تقدیری ہو یا محلی ہو اسم و نام انکی افعال مقاربہ اسلئے ہے کہ وہ دلالت کرتی ہیں حصول خبر کے قرب پر اسم کیلئے قرب رجائی یا قرب حصولی یا قرب اخذی پر۔

فائدہ: قرب رجائی یہ ہے کہ متکلم طمع اور امید رکھتا ہے حصول خبر کے قرب کا اسم کے لئے مثال عَسَی زَیْدٌ اَنْ یَخْرُجَ (امید ہے کہ زید جلدی نکلے گا) اسمیں یقین نہیں ہوگا۔ قرب حصولی یہ ہے کہ متکلم کا جزم اور یقین ہو خبر کے حصول پر اپنے اسم کے لئے بدون شروع سے خبر میں۔ مثال: کَادَ زَیْدٌ یَخْرُجُ (قریب ہے کہ زید جلدی نکلے گا) اسکے لئے کَادَ، کَرُبَ، اَوْشَکَ آتے ہیں۔

قرب اخذی یہ ہے کہ متکلم کا جزم اور یقین ہو خبر کے حصول پر اسم کیلئے مع شروع خبر میں جیسا کہ اَخَذَ، شَرَعَ، طَفِقَ میں، مثال: وَطَفِقَا یَخْصِفَانِ عَلَیْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ۔

فائدہ: مذکورہ افعال میں عسی فعل غیر متصرف ہے اسلئے کہ سوائی ماضی سے اور علاوہ لحوق تائے تانیث کی اور صیغے نہیں آتی۔ عَسَی دو قسم پر ہے ناقصہ، تامہ۔ عسٰی ناقصہ بمعنی قَارَبَ ہے اس صورت میں عسٰی رفع دیتا ہے اسم کو اور نصب دیتا ہے خبر کو لیکن اسکا خبر فعل مضارع مع اَنْ مستعمل ہو مثال عَسَی زَیْدٌ اَنْ یَخْرُجَ، اَنْ یَخْرُجَ تاویل مصدر اور مفرد سے محل نصب میں ہے معنی یہ ہوا قَارَبَ زَیْدٌ الْخُرُوْجَ قریب ہے زید نکلنے کو۔ امر ضروری یہ ہے کہ عسٰی کے اسم اور خبر میں مطابقت ضروری ہے افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث میں۔ اسلئے کہ یہ اصل میں مبتدا اور خبر ہیں اور ان میں مطابقت ضروری ہے۔ عسٰی تامہ بمعنی قَرُبَ ہے اسکا فاعل فعل مضارع مع اَنْ تاویل مصدر سے محل رفع میں ہوتا ہے مثال عَسَی اَنْ یَخْرُجَ زَیْدٌ ۔(کَادَ) کا خبر فعل مضارع مع اَنْ یا بدون اَنْ دونوں طرح آتے ہیں مثال کَادَ زَیْدٌ یَخْرُجُ وَاَنْ یَخْرُجَ یہ بمعنی قَرُبَ خُرُوْجُ زَیْدٍ ہے۔ (کَرُبَ) کا خبر ہمیشہ فعل مضارع بغیر اَنْ ہوتا ہے مثال کَرُبَ زَیْدٌ یَخْرُجُ (قریب ہے کہ زید جلدی نکلے گا) (اَوْشَکَ) کا خبر اکثر فعل مع اَنْ یا بغیر اَنْ ہوتا ہے مثال اَوْشَکَ زَیْدٌ اَنْ یَجِیْئَ او یجیئ بعض نحات فرماتے ہیں

کی افعال مقاربہ سات ہیں چار مذکورہ اور تین یہ ہیں جَعَلَ ، طَفِقَ ، اَخَذَ ، یہ تینوں بمعنی کرب ہیں۔

فائدہ: افعال مقاربہ کی حکم اپنے مشتقات کے حکم پر ہیں مثال قولہ تعالیٰ یَکَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ وغیرہ۔

النوع الثانی عشر

دیگر افعال و یقین و شک بود کاں بر دو اسم ۔۔۔ چوں در آید ہر یکی منصوب سازد ہر دو را

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں ان سب کی ذات فعل ہے۔ اسم وحرف نہیں۔ عدد میں سات ہیں مدخول جملہ اسمیہ ہے جملہ فعلیہ یا صرف فعل یا اسم وحرف نہیں عمل ان کا نصب ہے مبتدا خبر میں بناء بر مفعولیت۔ نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی ہو۔ اسم و نام یہ ہے کہ مسمی ہیں افعال یقین و شک کیساتھ اسلئے تین ان میں سے یقین کیلئے ہیں عَلِمْتُ، رَأَيْتُ، وَجَدْتُ اور تین شک کیلئے حَسِبْتُ ، خِلْتُ ، ظَنَنْتُ اور زَعَمْتُ مشترک ہے مابین یقین و شک کے۔ اور اسی طرح یہ افعال مسمی ہیں افعال قلوب سے اسلئے کہ صدور انکی قلب سے ہوتی ہیں اعضائی جوارح کے لئے کوئی دخل نہیں ہے اور اسی طرح مسمی ہیں نواسخ سے اسلئے کہ وہ منسوخ کرتی ہے عمل عامل معنوی کا مبتدا خبر میں مثال عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا (میں نے یقین کیا زید پر فاضل ہونے کا)۔

فـــائدہ: افعال قلوب کبھی اور معانیوں پر بھی استعمال ہوتی ہیں اس صورت میں وہ مقتضی ہیں ایک مفعول کو مثال عَلِمْتُ زَيْدًا اى عَرَفْتُ زَيْدًا (میں نے زید پہچانا) رَأَيْتُ بمعنی اَبْصَرْتُ وَجَدْتُ بمعنی اَصَبْتُ مثال وَجَدْتُ الضَّالَّةَ اى اَصَبْتُهَا (گم ہوئے چیز میں نے پایا) قولہ تعالیٰ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ، **فائدہ:** افعال قلوب میں اقتصار بیک مفعول جائز نہیں اسلئے کہ دونوں مفعولین حقیقت میں بمنزلہ اسم واحد ہے اسلئے کہ مضمون ان دونوں مفعولین کا حقیقت میں ایک مفعول ہوتا ہے اور مضمون مفعولین سے مراد یہ ہے کہ مفعول ثانی کا مصدر مضاف کیجاوے مفعول اول کو مثال عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا اى عَلِمْتُ فَضْلَ زَيْدٍ لهذا اگر ان دونوں مفعولین میں سے ایک حذف کیا جائے تو لازم ہوتا ہے حذف بعض اجزاء کلمے کا اور یہ نا جائز ہے۔

فائدہ : جب مفعولین کے درمیان افعال قلوب واقع ہو جاویں یا مؤخر واقع ہو جاویں تو ان افعال کی اعمال باطل کرنا جائز ہے یعنی اعمال اور ابطال دونوں جائز ہیں ابطال کا مثال زیدٌ ظننتُ قائمٌ اعمال کا مثال زیداً ظننتُ قائماً مؤخر کا مثال ابطال اور اعمال میں زیدٌ قائمٌ ظننتُ، زیداً قائماً ظننتُ بعض نحات فرماتے ہیں توسط الفعل کے صورت میں اعمال اولی ہے اور تاخر الفعل کے صورت میں ابطال اولی ہے۔ **فائدہ :** جب ہمزہ کی زیادت ہو جاویں در اول عَلِمْتُ وَرَأَیْتُ تو اس صورت میں یہ دونوں متعدی ہوتے ہیں بسہ مفعول اسلئے کہ وہ باب افعال کو منتقل ہو جاتے ہیں اور جب کوئی فعل مجرد میں متعدی بدو مفعول ہو تو در انتقال جانب باب افعال کو متعدی بسہ مفعول ہو جاتے ہیں اور زیادت ہمزہ خاص ہے۔ ان دو افعال کیساتھ باقی افعال میں نہیں مثال عَلِمْتُ زیداً فاضلاً۔ مثال زیادت ہمزہ اَعْلَمْتُ زیداً عمراً فاضلاً (میں نے زید کو خبر دیا کہ عمرو فاضل ہے)۔ أَنْبَأَ وَنَبَّأَ أَخْبَرَ وَخَبَّرَ یہ چار وافعال متعدی بسہ مفعول ہوتی ہیں بدانکہ مفاعیل ثلثہ افعال قلوب کی انہیں مفعول اول کا حذف جائز نہیں اور آخر والے دونوں مفعولین اکھٹے حذف کرنا جائز ہیں اور اس آخر والے مفعولین میں ایک حذف کرنا اور دوسرا ترک کرنا بھی جائز نہیں۔

النوع الثالث عشر

رافع اسمائی جنس افعال مدح وذم بود چار باشد نعم بئس ساء آنگہ حبذا

امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم ونام ہیں۔ اس نوعہ میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں ان سب کی ذات فعل ہے اسم حرف نہیں عدد میں چار ہیں مدخول اسم جنس ہے عمل یہ ہے کہ رفع دیتی ہیں اسم جنس کو بناء بر فاعلیت اسم ونام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی ہیں افعال مدح وذم کیساتھ اسلئے کہ نِعْمَ اور حَبَّذا مدح کیلئے آتے ہیں اور بئس ساء ذم کیلئے، مدح کسی کا صفت کرنا نیکی سے، اور ذم کسی کا صفت کرنا برائی سے۔ **فائدہ :** جاننا چاہئے کہ افعال مدح وذم کے لئے دو چیزیں ضروری ہے (۱) فاعل (۲) مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم اور انکے فاعل امور ثلثہ میں سے ایک ہوگا (۱) یا تو انکے فاعل اسم جنس معرف باللام ہوگا (الف لام عہد ذہنی) مثال نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ (۲) یا فاعل مضاف ہو اسم جنس اور معرف باللام کی طرف مثال نِعْمَ صَاحِبُ الرَّجُلِ زَیْدٌ (۳) یا فاعل انکے ضمیر مبہم

جو اور ممیز ہوگا نکرہ منصوب ہے اور ضمیر مبہم راجع ہوگا معہود ذہنی کو اور معہود ذہنی معین ہوتا ہے مخصوص
سے مثال نِعْمَ رَجُلاً زیدٌ فاعل نعم ہو ضمیر مستتر ہے جو ممیز ہے نکرہ منصوب ہے۔

فائدہ: افعال مدح وذم کی بعد ایک اسم مرفوع ذکر کیا جاتا ہے وہ مسمّٰی کیا جاتا ہے مخصوص بالمدح یا
مخصوص بالذم سے اور اس مخصوص کیلئے شرط یہ ہے کہ وہ موافق ہوگا فاعل کیساتھ امور خمسہ میں افراد
جنثیہ جمع تذکیر وتانیث مثال نِعْمَ الرَّجُلُ زیدٌ نعم الرجلانِ الزیدانِ نِعْمَ الرجالُ
الزَّیدُوْنَ نعمتِ الْمَرْاَۃُ الْهِنْدُ نِعْمَتِ الْمراتانِ الْهِنْدانِ نعمتِ النِّساءُ الْهِنْداتُ اگے
فاعل میں شرط کیا گیا ہے کہ وہ اسم جنس مبہم ہو، تاکہ مدح وذم حاصل ہو جائے مخصوص اولاً عموماً اور ثانیاً
خصوصاً سے یعنی اول مدح یا ذم معموم طریقے سے کیا جائے اسلئے کہ جنس عام ہوتا ہے اور پھر مدح یا
ذم ضمن مخصوص میں خصوصی طریقے سے کیا جائے۔

فائدہ: کبھی کبھار مخصوص حذف کیا جاتا ہے جب مخصوص کی حذف پر قرینہ اور دلیل موجود ہو مثال
نِعْمَ الْعَبْدُ ای اَیُّوْبُ اس مقام میں مخصوص کے حذف پر قرینہ حضرت ایوب کا واقعہ ہے۔

بِئْسَ فعل ذم ہے اسکا فاعل بھی ایک ہوگا امور ثلثہ میں سے اور حکم مخصوص بالذم کا تمام احکام مذکورہ
میں مخصوص بالمدح جیسے ہے مثال بِئْسَ الرَّجُلُ زیدٌ باقی مثل سابق۔ **ساءَ:** یہ بھی بئس کے معنی
میں ہے اور تمام طریقوں میں بئس کے موافق ہیں استعمال میں۔

حبّذا: فعل مدح ہے یہ مرکب ہے فعل مدح اور ذا اسم اشارہ سے اور یہ ذا اسم اشارہ فاعل ہے حبّ
کیلئے اور ذا اسم اشارہ حبّ فعل سے استعمال میں الگ نہیں ہوتا اور حبّذا، نِعْمَ کے معنی میں ہے اور
مخصوص بالمدح ہمیشہ کیلئے مذکورہ ہوتا ہے بعد ذا فاعل سے اور فاعل پر مقدم نہیں ہو سکتا لیکن حبّذا
اور مخصوص بالمدح کا موافقت ضروری نہیں ہے فاعل کیساتھ مثال حبّذا زیدٌ حبّذا زیدانِ الخ۔

فائدہ: یہ بھی جائز ہے کہ حبّذا کے مخصوص بالمدح سے قبل ایک اسم واقع ہو اور موافق اسم ہو
مخصوص بالمدح کیساتھ امور خمسہ میں اور وہ اسم منصوب ہو بناء بر تمیز یا بناء بر حال تمیز کے لئے مثال
حبّذا رَجُلاً زیدٌ مثال حال کیلئے حبّذا راکباً زیدٌ ۔ جاننا چاہیے کہ افعال مدح وذم میں لحوق تاء
ساکنہ کے علاوہ اور تصرفات جائز نہیں اسلئے کہ یہ افعال غیر متصرف ہیں۔ (افعال عاملہ ختم شد)

عوامل قیاسیہ

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر رست　　　اسم مفعول ومضاف فعل باشد مطلقا
پس صفت باشد کہ آں مانند اسم فاعلست　　　ہفتم اسم تام باشد ناصب تمیز را

بداں کہ عوامل قیاسیہ عدد میں سات ہیں اسم ونام انکی عوامل لفظی قیاسی ہیں ان میں سے اول اسم فاعل ہے۔ اسم فاعل میں معرفت امور ثلاثہ کا ضروری ہیں ا تعریف ۲ عمل ۳ شرائط اسم فاعل لغت میں نام کارکنندہ اور صطلاح میں اِسْمٌ مُشْتَقٌ مِنَ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ الْمَعْلُوْمِ لِمَنْ قَامَ بِهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَى الْحُدُوْثِ اسم فاعل وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل مضارع معلوم سے ایسے ذات کے لئے کہ قائم ہو وہ فعل اس ذات سے بطریقہ حدوث سے مثال ضَارِبٌ ۔ عمل يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهٖ ۔ اگر اسم فاعل مشتق ہو فعل لازم سے تو فاعل میں رفع کا عمل کرے گا فقط جیسے قَائِمٌ اور اگر متعدی ہو تو فاعل میں رفع کا عمل کرے گا اور مفعول میں نصب کا مثال ضَارِبٌ زَيْدٌ عَمْرًوا اور اسم فاعل کا عمل مشروط ہے بوجود الشرطین (۱) اسم فاعل بمعنی حال ہو یا استقبال (۲) اشیاء ستہ میں سے ایک پر اسم فاعل معتمد ہو (۱) معتمد ہو مبتدا پر اور اسم فاعل خبر واقع ہو رہا ہو مثال زَيْدٌ قَائِمٌ اَبُوْهُ (۲) معتمد ہو موصوف پر اور اسم فاعل صفت واقع ہو رہا ہو مثال مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ اَبُوْهُ بَكْرًا (۳) معتمد ہو موصول پر اور اسم فاعل صلہ واقع ہو رہا ہو مثال جَاءَ نِيْ الْقَائِمُ اَبُوْهُ (۴) معتمد ہو ذوالحال پر اور اسم فاعل حال واقع ہو رہا ہو مثال جَاءَ نِيْ زَيْدٌ رَاكِبًا غُلَامُهٗ (۵) معتمد ہو حرف استفہام پر مثال اَضَارِبٌ زَيْدٌ عَمْرًوا (۶) معتمد ہو حرف نفی پر مثال مَا قَائِمٌ زَيْدٌ (۲) اسم مفعول میں امور ثلاثہ کا معرفت ضروری ہیں (۱) تعریف (۲) عمل (۳) شرائط اسم مفعول لغت میں نام کارکردہ شدہ اور صطلاح میں هُوَ اِسْمٌ مُشْتَقٌ مِنَ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ الْمَجْهُوْلِ لِمَنْ وَقَعَ عَلَيْهِ الْفِعْلُ ۔ اسم مفعول وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل مضارع مجہول سے ایسے ذات کیلئے کہ وہ فعل اس ذات پر واقع ہوا ہو مثال مَضْرُوْبٌ ۔ عمل يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهٖ یعنی اپنے فعل جیسا عمل کرے گا اگر اسم مفعول مشتق ہو ایسے فعل سے کہ وہ متعدی بیک مفعول ہو تو وہ اپنے مدخول میں رفع کا عمل کرے گا اور وہ نائب فاعل بن جائے گا مثال زَيْدٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُهٗ اور اگر ایسے فعل سے مشتق ہو جو متعدی بدو مفعول ہو تو مفعول اول میں رفع کا عمل کریگا اور مفعول

ثانی میں نصب کا۔ مثال زیدٌ مُعطًی غُلَامُہٗ دِرْھَمًا اور اسم مفعول کا عمل مشروط ہے بوجود شرطین (۱) اسم مفعول بمعنی حال یا استقبال (۲) اشیاء ستہ میں سے ایک پر معتمد (۱) معتمد بر مبتدا مثال زیدٌ مَضْرُوْبٌ اَبُوْہُ (۲) معتمد بر موصوف مثال مَرَرْتُ بِرَجُلٍ مَضْرُوْبٍ اَبُوْہُ

(۳) معتمد بر موصول مثال جَاءَ نِی الْمَضْرُوْبُ اَبُوْہُ (۴) معتمد بر ذوالحال مثال جَاءَ نِی زَیْدٌ مَضْرُوْبًا اَبُوْہُ (۵) معتمد بر حرف استفہام مثال اَمَضْرُوْبٌ زَیْدٌ (۶) معتمد بر حرف نفی مثال مَا مَضْرُوْبٌ زَیْدٌ

(۳) مصدر میں امور ثلثہ کے معرفت ضروری ہے (۱) تعریف (۲) عمل (۳) استعمال

مصدر لغۃ جائے صدور اور اصطلاح میں اِسْمُ حَدَثٍ اُشْتُقَّ مِنْہُ الْفِعْلُ

مصدر وہ حدث کو کہتے ہیں کہ اس سے افعال بنائے جاتے ہو لہذا مصدر کو بھی مصدر اسلئے کہتے ہیں کہ اس سے افعال خارج ہوتے ہے حدث وہ معنی ہے جو قَائِمٌ بِالْغَیْرِ ہو مثال ضَرَبَ زَیدٌ اس مثال میں ضَرْبٌ معنی حدثی ہے جو قائم ہے زید کیساتھ۔ عمل: اِعْلَمْ اَنَّ الْمَصْدَرَ یَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِہٖ اگر مصدر فعل لازم کا ہو تو فاعل میں رفع کا عمل کریگا فقط اور اگر مصدر فعل متعدی کا ہو تو رفع کا عمل کریگا فاعل میں اور مفعول میں نصب کا مثال ضَرْبُ زَیْدٍ عَمْرًا۔

اور اگر مصدر ایسے فعل کا ہو جو متعدی بدو مفعول ہو تو مصدر عمل کریگا رفع کا فاعل میں اور نصب کا عمل کریگا مفعولین میں مثال اَعْجَبَنِیْ عِلْمُ زَیْدٍ عَمْرًا فَاضِلًا۔ استعمال مصدر متعدی کا پانچ قسم پر ہے

(۱) مصدر مضاف ہو اپنے فاعل کو مفعول منصوب لفظاً ذکر ہو مثال اَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زَیْدٍ عَمْرًا

(۲) مصدر مضاف ہو اپنے فاعل کو اور مفعول لفظاً مذکور نہ ہو عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ زَیْدٍ

(۳) مصدر مضاف ہو مفعول کو حالیکہ مصدر مبنی للمفعول ہو یعنی مصدر مجہول ہو مثال عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ زَیْدٍ ای مِنْ اَنْ یُضْرَبَ (مجھے تعجب ہوا زید کے مارنے پر)۔

(۴) مصدر مضاف ہو مفعول کو اور فاعل مرفوع لفظاً مذکور ہو مثال عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ اللِّصِّ الْجَلَّادُ (میں نے تعجب کیا جلاد کے مارنے پر چور کو)۔

(۵) مصدر مضاف ہو مفعول کو اور فاعل محذوف ہو مثال قولہ تعالی لَا یَسْاَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ

الخَبَرِ ای مِنْ دُعَائِهِ الخَیْرَ یہ مذکورہ پانچ صورتیں جاری ہوتے ہے صرف مصدر متعدی میں اور مصدر لازمی میں صرف ایک صورت جاری ہوتے ہے وہ یہ کہ مصدر مضاف ہو فاعل کو۔

فائدہ: مصدر دو قسم پر ہے (۱) منون غیر مضاف (۲) غیر منون مضاف

اگر مصدر منون یعنی مضاف نہو تو فاعل میں رفع کا عمل کریگا اور مفعول میں نصب کا مثال ضَـرْبٌ زیدٌ عمرًوا

اور اگر غیر منون ہو تو جر دے گا فاعل کو اور نصب مفعول کو ضَـرْبُ زیدٍ عمرًوا اور اگر مصدر مضاف ہو مفعول کو تو جر دے گا مفعول اور رفع فاعل کو مثال عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ اللِّصِّ الجَلَّادُ

صفت مشبہ میں امور ثلثہ کی معرفت ضروری ہے تعریف، عمل، استعمال ۔ صفت مشبہ لغۃ مشابہت کردہ شدہ یعنی صفت مشبہ وہ معنی ہے جو مشابہ ہوتی آخر ے اور اصطلاح میں ھُوَ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنَ الْفِعْلِ اللَّازِمِ لِمَـنْ قَـامَ بِـهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَی الثُّبُوْتِ صفت مشبہ وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل لازم سے اور دلالت کرتا ہو ثبوت معنی مصدری پر اپنے فاعل کے لئے بطریقہ دوام اور استمرار کے ساتھ ۔

عمل: یَـعْـمَلُ عَمَلَ فِعْلِهِ یعنی فعل لازم جیسے جو فاعل کو رفع دیتا ہے بشرط الاعتماد علاوہ موصول کے اور شرط زمان صفت مشبہ میں نہیں ہے ۔ صفت مشبہ کو صفت مشبہ اسلئے کہتے ہیں کہ وہ مشابہ ہے اسم فاعل کے ساتھ تعریف، تنکیر، تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث میں گردان شَـرِیْفٌ، شَرِیْفَانِ، شَرِیْفُوْنَ، شَرِیْفَۃٌ، شَرِیْفَتَانِ، شَرِیْفَاتٌ.

فـــائـــدہ کبھی صفت مشبہ کا معمول منصوب ہوتا ہے اگر معرفہ ہو وہ معمول تو بناء بر تشبیہ بالمفعول منصوب ہوگا مثال اَلْـحَـسَـنُ الْـوَجْـهَ اگر نکرہ ہو وہ معمول تو بناء بر تمیز منصوب ہوگا مثال اَلْـحَـسَـنُ وَجْهًا

(فائدہ) صفت مشبہ خواہ لازمی ہو اس سے مفعول نہیں آتا لیکن جب صفت مشبہ کا تشبیہ دی جائے اسم فاعل کیساتھ تو معمول منصوب کا تشبیہ اسم فاعل کے مفعول کیساتھ دیا گیا لھذا نصب دے دیا۔

طریقہ استعمال صفت مشبہ دو قسم پر ہے (۱) معرف باللام (۲) مجرد عن اللام مثال اَلْـحَـسَـنُ .حَسَنٌ اسکا معمول تین قسم پر ہے (۱) معرف باللام الوجہ (۲) مضاف وجھہ (۳) مجرد عن اللام والاضافۃ وجہا

اب صفت مشبہ میں دوصورتیں بنائی گئی اور معمول میں تین صورتیں تو اس سے اٹھارہ صورتیں نکل آئے گا
انہیں دوصورتیں حسن ہیں اور نوصورتیں احسن ہیں اور چار صورتیں قبیح ہیں اور دوصورتیں ممتنع ہیں اور
ایک صورت مختلف ہے یہ سب اس شعر میں آئی ہیں۔

حسن دو باشد و احسن نہ قبیح چہار
دو ممتنع بود مختلف یک شمار

عوامل معنویہ

عامل فعل مضارع معنوی باشد بداں ہمچنیں معنی بود عامل یقیں در مبتدا

جاننا چاہئے کہ عوامل معنویہ کا حاصل یہ ہے کہ وہ عدد میں دو ہیں۔ اول ان میں سے فعل مضارع ہے اور دوسرا ان میں سے مبتدا اور خبر ہیں۔

فائدہ: جمہور نحات فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے لیکن عامل معنوی کے تفسیر میں اختلاف واقع ہو چکا ہے، بصریین اور کوفیین کے درمیان۔ چنانچہ بصریین فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے اور وہ فعل مضارع کا واقع ہوتا ہے بجائے اسم فاعل کے، مثال: جاءنی رجل یضرب اس مثال میں یضرب واقع ہے ضارب کی جگہ پر اسلئے کہ کہا جاتا ہے جاءنی رجل ضارب۔ کوفیین فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے اور وہ خالی ہونا ہے فعل مضارع کے عوامل ناصبہ اور جازمہ سے، مثال: یضرب۔ مبتدا اور خبر کے عامل رافع میں بھی اختلاف ہے۔ چنانچہ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عامل رافع مبتدا اور خبر دونوں کی لفظی ہے بایں طور کہ ہر واحد مبتدا و خبر میں سے عامل ہے آخر میں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مبتدا اور خبر میں عامل رافع معنوی ہے اور وہ مبتدا و خبر کا خالی ہونا ہے عوامل لفظیہ سے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مبتدا کا عامل رافع معنوی ہے جو کہ ابتداء ہے یعنی خالی ہونا ہے عوامل لفظیہ سے اور خبر کا عامل رافع لفظی ہے جو کہ مبتدا ہے۔

عوامل معنوی ختم شد

(بعون اللہ و توفیقہ)

پیولنس معاویہ

ضیاء الصبیح

شرح اردو مشکوۃ المصابیح

عنقریب زیورِ طبع سے آراستہ ہونے والی ہے

۱۔ از افادات استاذ الحدیث مولانا فضل محمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ

۲۔ مؤلف استاذ الحدیث مولانا عبدالعزیز صاحب مدظلہ

۳۔ امتیازات وخصوصیات تالیف:

(الف) مکمل حدیث (ب) اعرابِ حدیث (ج) ترجمۂ حدیث

(د) مختصر مدلل تشریح (ح) مختصر حالاتِ راوی (خ) مع اضافات

از کتاب الایمان تا کتاب الصلوۃ

ادارے کی دیگر مطبوعات

۱۔ ضیاء الصبیح شرح مشکاۃ المصابیح (ایک جلد)

۲۔ أحسن الوقایۃ شرح شرح الوقایہ (اخیرین) (تین جلد)

۳۔ إبداء الکبد فی وفاۃ المحدث الکبیر فضل محمد رحمہ اللہ

۴۔ خلاصہ نحو میر مع تسہیل النحو

۵۔ خلاصۃ القطبی

۶۔ خلاصہ شرح تہذیب

۷۔ تنویر المرقات

۸۔ فہارس الفقہ والفتاوی

۹۔ سدا بہار واقعات

۱۰۔ أحسن الوافیہ شرح الکافیہ

مدنی کُتب خانہ
اینڈ کمپوزنگ سنٹر
محلہ عیسی خیل نیو روڈ مینگورہ سوات
0346-3037962